RARE

[redacted]



LIBRIS
CYRIL
STEN-
HOUSE
MUNDY
1942

# قواعدِ ترکی

ترکی زبان کی صرف و نحو کے تمام ضروری قواعد اُردو مین
اِختصار کے ساتھ بیان کئے گئے ہین

S. J. Balkhi
2-4-06

مرتبہ منشی محبوب عالم صاحب ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور

بار اوّل در سنہ ۱۹۰۴ عیسوی

خادم التعلیم سٹیم پریس لاہور مین باہتمام منشی عبدالعزیز منیجر
طبع ہوئی

# ترکی بول چال

اس کتاب کے ذریعے سے ایک ہوشیار آدمی - جو فارسی اور عربی زبانوں سے کسی قدر واقف ہو - تین ماہ کے اندر محنت کر کے ترکی زبان کے

اخبارات و کتب بخوبی سمجھ سکتا ہے

مرتبہ منشی محبوب عالم صاحب ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور - بعد نظر ثانی آنریبل حاجی محمد اسمعیلخان

خانصاحب رئیس علی گڈھ

اردو زبان میں ترکی سیکھنے کے لیے یہ سب سے پہلی کتاب قریبا پونے دو سو صفحے پر لکھی گئی ہے

اسمیں پہلے ترکی زبان کے ہر ضرورت کے پونے دو ہزار لفظ با معنی - پھر تمام مشہور مصادر اور قریبا اڑھائی ہزار فقرات اور محاورات درج ہیں - پھر گلستان کی چند حکایات معہ ترکی ترجمہ اور رقعوں اور ترکی اخباری پیرگرافوں کے نمونے اور ترکی شعرا کا منتخب کلام معہ ضرب الامثال وغیرہ درج ہیں - غرض نہایت جامع بول چال ہے قیمت (عہ)

المشتہر

منشی محمد عبد العزیز منیجر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

# صرف و نحو ترکی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## دیباچہ

جبکہ مَیں نے زبانِ ترکی کی بول چال کا رسالہ مرتّب کیا تو اس بات کی ضرورت معلوم ہُوئی کہ اُردو خواں ناظرین کی امداد کے لئے صرف و نحو ترکی کا ایک مختصر رسالہ بھی موجُود ہونا چاہئے۔

تُرکی زبان کے قواعد صرف و نحو بہت مختصر منضبط اور سہل ہیں۔ گردانِ فعل کے قواعد قدرے طویل ہیں۔ لیکن وُہ بھی ایسے معین اور سہل ہیں کہ اُنکے ذہن نشین کر لینے کے بعد تعجب ہوتا ہے کہ تُرکی زبان کے فعل کی گردانیں کیسی سادہ اور سہل اور ساتھ ہی کئی دُوسری زیادہ ترقی یافتہ زبانوں سے پُر مطلب اور مختصر ہیں۔

اس مختصر رسالہ کو ضبط کر لینے کے بعد ترکی زبان کی معمولی واقفیت کے لئے تو کسی اَور مطوّل تُرکی گرامر کی ضرورت نہ رہے گی۔ لیکن جو اصحاب ترکی زبان کی بخوبی تکمیل کرنا چاہیں انہیں مَیں ایک مفصّل تُرکی گرامر کا پتہ دیتا ہُوں جو غایت الامانی کے نام سے محمد کامل صاحب نے عربی زبان میں لکھ کر استنبول کے مطبع المعلومات میں طبع کرائی ہے اور ساتھ ہی اگر ترکی لغات درکار رہو تو ترکی زبان

کی مشہور لُغات اختری جو تُرکی میں ہی معنے بیان کرتی ہے اور قسطنطنیہ سے مل سکتی
ہے یا تُرکی انگریزی اور انگریزی تُرکی لُغات ریڈہوس صاحب کی ڈکشنری مطبوعہ
اِنگلستان وہ اچھّی لُغاتیں ہیں۔

میں اخیر میں مولوی محمد عبّاس صاحب ایم۔ اے کا شکریہ ادا کرنا ضروری
سمجھتا ہوں کہ جنہوں نے اِس رسالہ کے مرتّب کرنے میں مجھے مدد دی +

**مجبُوب عالم**

لاہور۔ اکتوبر سنہ ۱۹۰۳ء

# بابِ اوّل

## تلفّظ اور اصطلاحات

تُرکی زبان میں بعض حروف لکھنے میں کچھ اور ہوتے ہیں اور پڑھے میں کچھ اور۔ وُہ یہ ہیں :۔

ب۔ اگر آخر کلمہ میں ہو اور اس سے پہلے ا۔ ر۔ د۔ ذ۔ ح۔ ت۔ س۔ میں سے کوئی حرف ہو تو اُس کی آواز پ کی ہو گی۔ جیسے کتاب (کتاپ) مجرّب (مجرّپ) کاذب (کاذپ) اگر ساکن ہو اور اس کے بعد ت۔ د۔ ہ۔ ط۔ ح۔ س۔ ع میں سے کوئی حرف متحرک آئے تو بھی اُس کو پ پڑھتے ہیں۔ جیسے ابطال (اپطال) مُبتدی (مُپتدی)۔

د۔ اگر آخر کلمہ میں ہو اور اس سے پہلے خ آئے تو ت پڑھی جاتی ہے۔ جیسے نخود (نخوت) آزمود (آزموت)۔

ر۔ اگر اوّل کلمہ میں آئے تو اُس کو ء کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ جیسے ربع کو (اُرُب) رُوم کو (اُروم)۔ یہ قاعدہ اگرچہ عام طور پر رائج ہے لیکن فصاحت سے گِرتا جاتا ہے۔

گ۔ اگر آخر کلمہ میں آئے اور ساکن ماقبل مکسور ہو تو یا اُسے ی پڑھتے ہیں۔ بلکہ گرا دیتے ہیں۔ جیسے اِیگ (اِی) جیگ (جی) اس کا نہ

کو اصطلاح میں "کاف یائی" کہتے ہیں۔

اگر وسط کلمہ میں آئے اور مضموم ماقبل مضموم ہو تو وہ ی سے بدل جاتا ہے۔ جیسے گوگومین (گویرمیں) گوگس (گویس) اس کو اصطلاح میں "کاف فارسی" کہتے ہیں۔

ک۔ کاف کسی وقت ن کی آواز دیتا ہے۔ لیکن وہ اوّل میں کبھی نہیں آتا۔ جیسے بکٔ (بن) بکڑ (بنز) اکٔ (ان) سیکز (سینز) اسکو اصطلاح میں "کاف ترکی" یا "کاف صاغر" یعنے کاف صغیر کہتے ہیں۔

بعض حروف متحرک ہوکر بالکل بدل جاتے ہیں۔ چنانچہ ت جب آخر کلمہ میں ہو تو متحرک ہونے سے د ہو جاتی ہے جیسے درت سے دردہ۔ اس طرح ق اگر آخر کلمہ میں ہو تو متحرک ہوکر غ ہو جاتا ہے جیسے چوجق سے چوجغی۔

**حروف علت یا حروف املا**۔ ان حروف کا بیان اس کتاب میں کثرت سے آئیگا کیونکہ عموماً ان کا قاعدہ حروف صحیح سے جداگانہ ہوتا ہے اور وہ یہ ہیں :- ا - ہ - و - ی -

**مفاعیل ستّہ**۔ ان سے مراد ہے مفعول بہ۔ مفعول الیہ۔ مفعول معہ مفعول فیہ۔ مفعول منہ۔ اور مفعول لہٗ۔

# باب دوم

## اسم کا بیان

مختلف اعتباروں سے اسم کی حسب ذیل تقسیم کی گئی ہے (۱) مفرد و جمع۔ (۲) مؤنث و مذکر (۳) مضاف و مضاف الیہ (۴) مفاعیل ستہ (۵) صفت (۶) ضمیر (۷) اشارہ (۸) عدد (۹) ظرف (۱۰) مصغر۔

اسی تقسیم کی ترتیب سے ان اقسام کا بیان اس کتاب میں کیا جائیگا۔ اگرچہ ان کے علاوہ اور بھی اسم کی قسمیں ہیں۔ لیکن جو ضروری تغیّر و تبدّل ہم کو دکھانے منظور ہیں وہ انہیں قسموں میں پورے ہو جاتے ہیں۔ اس لئے انہیں اقسام کو کافی سمجھا گیا ہے۔

## فصل (۱) مفرد و جمع

مفرد کے آخر میں لر لگانے سے جمع بنجاتی ہے۔ جیسے ال (ہاتھ) سے اللر (ہاتھوں) یول (راستہ) یوللر (راستے)، قویو (کنوآں) قویولر (کنوئیں)، کبھی کبھی بعض فارسی اور عربی جمع کے صیغے بھی اس زبان میں مستعمل ہیں جیسے سبزہ سے سبزوات۔ آھو سے آھویان۔ آدم سے آدمیان۔

# فصل (۲) مؤنث و مذکّر

خوش قسمتی سے ترکی زبان میں بخلاف اُردو کے بیجان چیزوں کی تذکیر و تانیث کا قاعدہ نہیں۔ جانداروں میں بھی اس کا بہت کم لحاظ ہوتا ہے ہوتا ہے مذکّر کے اوّل میں دیشی۔ قیز۔ قاری وغیرہ الفاظ بڑھانے سے مؤنث بنجاتا ہے۔ جیسے ارسلان (شیر) دیشی ارسلان (شیرنی) خدمتجی (خدمتگار) قیز خدمتجی (خادمہ) آشجی (باورچی) قاری آشجی (باورچن)۔

# فصل (۳) مضاف و مضاف الیہ

اردو کی طرح ترکی میں بھی مضاف الیہ پہلے آتا ہے اور مضاف پیچھے۔ اضافت کا عام قاعدہ یہ ہے کہ مضاف الیہ کے آخر میں اگر حرف صحیح ہو تو کث ورنہ نکث بڑھاؤ۔ اور مضاف کے آخر میں اگر حرف صحیح ہو تو ی ورنہ سی بڑھاؤ۔ مثلاً:۔ احمدکث کتابی (احمد کی کتاب) محمدکث خانہ سی (محمد کا گھر) یالینک ھواسی (ساحلِ بحر کی ہوا) اسی قاعدہ کے ساتھ چند اور باتیں بھی یاد رکھنی چاہئیں۔

(۱) اگر مضاف الیہ کے آخر میں ق ہو تو وہ متحرک ہو کر غ ہو جائیگا۔ جیسے طاوق (مرغ) طاوغث دیلی (مرغ کی زبان) اس قاعدہ سے ادق اور طوف مستثنےٰ ہیں۔ مضاف کا ق بھی متحرک ہو کر غ ہو جاتا ہے جیسے محمدکث بوجغی (محمد کا بیٹا)۔

(۲) آخر کا ک تی سے بدل جاتا ہے۔ مگر یہ شرط ہے کہ اس سے پہلے ایک ہی حرکت نہ ہو۔ جیسے فلکث رنگی (آسمان کا رنگ) اسکا تلفظ ہے

فَلْبَیْ رنگی"۔
(۳) صو (پانی) ایسا لفظ ہے جس میں عام قاعدہ برعکس ہو جاتا ہے یعنے جب وہ مضاف الیہ ہو تو اس کے آخر میں ن کی بجائے ی زیادہ کرتے ہیں جیسے صونک دیبی (پانی کی گہرائی) اور مضاف ہو تو سی کی بجائے ی بڑھاتے ہیں۔ جیسے چشمہ نک صوبی (چشمہ کا پانی)۔
(۴) اگر مضاف مضاف الیہ ہو تو اس کی علامت گرجاتی ہے۔ جیسے قومشونک قہوہ قوطوسی (کمپنی کے قہوہ کی ڈبیا) میں قہوہ سی سے قہوہ رہگیا ہے۔
(۵) اگر مضاف الیہ نکرہ ہو یا مضاف اور مضاف الیہ سے ایک ہی چیز مراد ہو تو مضاف الیہ کی علامت حذف ہو جاتی ہے۔ جیسے بقال دکانی (بقال کی دکان) دکزِ صوبی (سمندر کا پانی)۔
(۶) کبھی اختصار کی غرض سے اضافہ کی علامت کو بالکل اُڑا دیتے ہیں۔ یہ عمل خاصکر اضافہ بیانی میں عام ہے۔ جیسے اِلتون یوزوک (سونے کی انگوٹھی)۔

# فصل (۴) مفاعیل ستّہ

۱۔ مفعول بہ:۔ اگر لفظ کے آخر میں حرف صحیح ہو تو مفعول بہ بننے کی صورت میں اس پر ی بڑھائینگے۔ اور اگر آخر میں حرف علت ہو تو یی بڑھائینگے جیسے۔ کتابی آچیدم (میں نے کتاب کو کھولا) قپویی قپادم (میں نے دروازہ کو بند کیا) لیکن اگر مضاف مفعول بہ واقع ہو تو اُس کے آخر کی علامت اُڑا کر حرف صحیح کی صورت میں نی یا ینی لگاتے ہیں اور حرف املا کی صورت میں سنی لگاتے ہیں جیسے قواعد درسنی اوقودی (اُس نے درس کے قواعد پڑھے) ید ریگزک نکر مینی اکلادم (تمہارے باپ کی رائے کو میں سمجھا) توجہکزک بقاسنی

تمنا ایدرم (تمہاری توجہ مدام چاہتا ہوں) برادریکزک افادہ سنی ایشتدم (تمہارے بھائی کی نصیحت میں نے سُنی)۔

کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ مفعول بہ کی علامت کو حذف کر دیتے ہیں۔ اس صُورت میں مفعول بہ سے کسی خاص چیز کی طرف اشارہ نہیں ہو سکتا جیسے آدم کوردوم (کسی آدمی کو مَیں نے دیکھا) مکتوبلر یازدم (کچھ خطوط مَیں نے لکھے) ات الدم (کوئی گھوڑا مَیں نے خریدا) کبھی مفعول بہ پہ لفظ بر بھی بڑھاتے ہیں جیسے برادم کوردم۔

۲۔ **مفعول الیہ**۔ اصلی علامت ه (تک) ہے۔ باقی علامات بھی انہیں شرائط کے ساتھ کہ جنکا بیان مفعول بہ میں ہو چکا ہے۔ نه -ینه- سنه ہیں۔ جیسے احمدہ سویلدم (احمد کو یعنے سے، مَیں نے کہا) علی یہ ویردم (علی کو مَیں نے دیا) اوغلنه دیدم (بچّہ سے مَیں نے کہا) برادرینه گیتدم (بھائی کی طرف مَیں گیا) خانه سنه گیردم (مَیں گھر میں داخل ہوا)۔

۳۔ **مفعول معہ**۔ اس کی علامت ایله (ساتھ) ہے۔ جو کہیں نہیں بدلتی۔ البتہ اگر لفظ کے آخر میں حرف صحیح یا ي ہو۔ تو بنظر تخفیف ایله لو له کر لیتے ہیں۔ جیسے احمد ایله کلدم (احمد کے ساتھ آیا) علی ایلد گیتدم (علی کے ساتھ گیا) بچاق ایله کسدم (چھری کے ساتھ کاٹا) دالوریله گلدم (آگبوٹ میں آیا) احمد لہ گیتدم (احمد کے ساتھ گیا) بدریله اوقودی (اُس نے باپ کے ساتھ پڑھا) چاقیلہ قازیدم (چاقو سے کھودا)۔

۴۔ **مفعول فیہ**۔ اس کی علامت ده (میں) ہے۔ چونکہ یہ حرف کبھی عطف کا فائدہ بھی دیتا ہے۔ اِس لئے ان دونوں میں تمیز کرنے کے لیے علامت مفعول فیہ کو متصل یعنے کتابده (کتاب میں) اور حرفِ عطف کو منفصل جیسے

کتاب دہ (کتاب بھی) لکھتے ہیں۔ اس علامت میں بھی تغیر نہیں جیسے کتبدہ اوقودی (مکتب میں پڑھا) استانبولدہ طوغدی (استانبول میں پیدا ہوا) آطہ دہ اوطور ییور (جزیرہ میں رہتا ہے) قپودہ طور ییوڈ (دروازہ میں کھڑا ہے)

(۵) **مفعول منہ** - اس کی علامت دن (سے) ہے اور اس میں بھی تغیر نہیں آتا۔ جیسے اِو دن گلدم (میں گھر سے آیا) احمد دن آلدم (احمد سے لیا) دیوار دن اَتلادی (دیوار سے کودپڑا)۔

(۶) **مفعول لہٗ** - اس کی علامت ایچون (لئے) ہے۔ اس میں بھی تغیر نہیں ہوتا۔ البتہ اکثر بنظر تخفیف حرف ی کے بعد اس کے پہلے دو حرف گر جاتے ہیں۔ جیسے اللہ ایچون سودم (میں خدا واسطے کی محبت کرتا ہوں)۔

## فصل (۵) صِفت

صفت کے بڑھانے یا گھٹانے وغیرہ کی پانچ بڑی قسمیں ہیں:- موکّدہ - تفضیلیہ - تشبیہیہ - مخفّفہ - نسبیہ -

موکّدہ کا عام قاعدہ یہ ہے کہ صفت پر پک یا چوق یا پک چوق بڑھائیں۔ جیسے گوزل (اچھا)، پک چوق گوزل (بہت اچھا)۔ چوق گوزل (بہت اچھا)، پک چوق گوزل (بہت ہی اچھا)، ترکی زبان کے محاورہ میں بعض خاص الفاظ بھی ہیں جو صفت سے پہلے آکر تاکیدِ صفت کا فائدہ دیتے ہیں۔ انکی فہرست ذیل میں دیجاتی ہے:-

آپ - اچیق (کھلا ہوا) - آپ آچیق (بہت کھلا ہوا)
ایپ - اینجہ (رقیق) - ایپ اینجہ (بہت رقیق)۔
اوپ - اوزون (لمبا) - اوپ اوزون (بہت لمبا)۔

بم - بیاض (سپید) - بم بیاض (بہت سفید)
بام - باشقه (متغیر) - بام باشقه (بہت متغیر)
بوم - بوش (خالی) - بوم باش (بہت خالی)
باص - بیاغی (ادنیٰ) - باص بیاغی (بہت ادنیٰ)
بس - بللی (ظاہر) - بس بللی (بہت ظاہر)
تز - تمیز (صاف) - ترتمیز (بہت صاف)
جیم - جیلیز (دُبلا) - جیم جیلیز (بہت دُبلا)
چیر - چپلاق (ننگا) - چیر چپلاق (ننگا دھڑنگا)
دیپ - دیری (تندرست) - دیپ دیری (چاق چوبند)
دوم - دوز (سپاٹ) - دوم دوز (بہت سپاٹ)
سیپ - سیوری (چھوٹے سرکا) - سیپ سیوری (بہت چھوٹے سرکا)
صاپ - صاری (زرد) - صاپ صاری (گہرا زرد)
صیر - صیقلدم (تر) - صیرصیقلدم (تر بتر)
طوس - طوغری (سیدھا) - طوس طوغری (ناک کی سیدھ)
طیم - طیقیز (لبریز) - طیم طیقیز (بہت لبریز)
قاپ - قاره (کالا) - قاپ قاره (کالا بھجنگ)
قاص - قاتی (ٹھوس) - قاص قاتی (بہت ٹھوس)
قوپ - قوری (خشک) - قوپ قوری (بہت خشک)
قیپ - قرمزی (سُرخ) - قیپ قرمزی (گہرا سُرخ)
کوس - کوتوک (ابتر) - کوس کوتوک (بہت ابتر)
ماص - ماوی (نیلا) - ماص ماوی (بہت نیلا)

موص - مود (بنفشی) - موص مود (شوخ بنفشی)
یپ - یکی (نیا) - یپ یکی (بالکل نیا)
یم - یشیل (سبز) - یم یشیل (گہرا سبز)

تفضیلیہ - صفت بنانے کے لئے مجرد صفت سے پہلے اک یا دہا بڑھاتے ہیں - جیسے بیوک (بڑا) اک بیوک (زیادہ بڑا) اوزون (لمبا) دہا اوزون (زیادہ لمبا) اک اور دہا میں فرق یہ ہے کہ اک محض تفضیل کے لئے آتا ہے - دہا میں ایک کو دُوسرے پر ترجیح دیجاتی ہے اور اس لئے ضرور ہے کہ دہا کے ساتھ دو چیزیں ہوں - ایک وہ جس پر ترجیح دیجائے اور ایک وہ جسکو ترجیح دیجائے - کبھی لفظ دن (سے) بھی ترجیح بالتفضیل کا فائدہ حاصل ہوتا ہے - جیسے فیل دودن بیوکدر (ہاتھی اونٹ سے بڑا ہے) -

تشبیہہ - صفت کے آخر میں اور کبھی کبھی اسم کے آخر میں بھی "مسی" بڑھانے سے یہ صفت بنجاتی ہے - جیسے یشیل (سبز) یشیلمسی (سبزی مائل) قرمزا (سُرخ) قرمزیمسی (سُرخی مائل) قلمسی (قلم کی مانند) کاغدمسی (کاغذ کی مانند) -

مخففہ - اس کی علامت جہ ہے جو صفت کے آخر میں بڑھائی جاتی ہے جیسے بیوک (بڑا) بیوکجہ (کسی قدر بڑا) اوزن (لمبا) اوزونجہ (کسی قدر لمبا) بعض صیغے اس صفت کے بے قاعدہ بھی ہیں جیسے بیوک (بڑا) سے بیوجک (کسی قدر بڑا) کوچوک (چھوٹا) سے کوچدک (کچھ چھوٹا)

نسبیہ - اگر اسم کے آخر میں کسرہ یا فتحہ ہو تو "لی" لگانے سے - اور اگر ضمہ ہو تو "لو" لگانے سے یہ صفت نسبیہ بنجاتی ہے - جیسے مرحمت سے مرحمتلی

(رحیم) دیل (زبان) سے دیللی (زبان دراز) اوروج (روزہ) اوروجلو (روزہ دار) بورج (قرضہ) بوروجلو (قرضدار) گوز (آنکھ) گوزلو (سانکھا آنکھ) (عرض) انگلی (عریض) کلمہ کے اخیر میں "سز" بڑھانے سے بھی صفت نسبیہ بنجاتی ہے اور اس کے معنے منفی ہوتے ہیں جیسے دیل (زبان) سے دیلسز (بے زبان) عقل سے عقلسز (بیعقل) کبھی (لک) یا "لق" بڑھانے سے بھی یہی مطلب حاصل ہوتا ہے۔ جیسے قیش (سرما) قیشلق (سرمائی) یاز (گرما) یازلق (گرمائی) جهنّم (دوزخ) جهنملک (دوزخی)۔

# فصل ۶۔ ضمیر

ضمیر کے قواعد بھی وہی ہیں جو اسم کی ذیل میں بیان ہو چکے ہیں۔ لیکن کہیں کہیں فرق ہے۔ اس کے سمجھانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ پہلے ہم ایک مفصل فہرست ضمیر کی مختلف گردانوں کی دکھادیں۔ مبتدی کو چاہئے کہ پہلے اس فہرست کو خوب یاد کرلے:۔

**ضمیر مجرّد**۔ او (وہ) اونلر (وہ سب) سن (تو) سز (تم) بن (میں) بز (ہم)۔

**ضمیر مفعول بہ**۔ انی (اسکو) انلری (انکو) سی (تجھ کو) سزی (تم کو) بنی (مجھ کو) بزی (ہمکو)۔

**ضمیر مفعول الیہ** اکا (اسکی طرف) انلرہ (انکی طرف) سکا (تیری طرف) سزہ (تمہاری طرف) بکا (میری طرف) بزہ (ہماری طرف)۔

**ضمیر مفعول فیہ**۔ اندہ (اسکے پاس) انلردہ (انکے پاس) سندہ (تیرے پاس)

سزدہ (تمہارے پاس) بندہ (میرے پاس) بزدہ (ہمارے)۔
**ضمیر مفعول منہ** ۔ اندن (اس سے) انلردن (ان سے) سندن (تجھ سے) سزدن (تم سے) بندن (مجھسے) بزدن (ہم سے)۔
**ضمیر مفعول معہ** ۔ انکلہ (اس کے ساتھ) انلرلہ (انکے ساتھ) سنکلہ (تیرے ساتھ) سزکلہ (تمہارے ساتھ) بنملہ (میرے ساتھ) بزملہ (ہمارے ساتھ)
**ضمیر مفعول لہ** ۔ انک ایچون (اسکے لئے) انلرک ایچون (ان کے لئے) سنک ایچون (تیرے لئے) سزک ایچون (تمہارے لئے) بنم ایچون۔ (میرے لئے) بزم ایچون (ہمارے لئے)۔
**ضمیر اضافی** ۔ انک قلمی (اسکی قلم) انلرک قلمی (انکی قلمیں) سنک قلمک (تیری قلم) سزک قلمکز (تمہاری قلم) بنم قلمم (میری قلم) بزم قلمز (ہماری قلم)
اس فہرست پر نظر ڈالنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ ضمیریں ان باتوں میں اسم سے مختلف ہیں۔
(۱) مفعول لہٗ میں بن۔ بکا۔ سن۔ سکا۔ او۔ آنی ہو جاتا ہے۔
(۲) اضافت میں (جبکہ متکلم اور مخاطب کے صیغے ہوں مضاف الیہ اور مضاف دونوں کے آخر میں ضمیر کی علامت بڑھائی جاتی ہے۔ جیسے سنک قلمک۔
(۳) مفعول معہ اور مفعول لہٗ میں ضمیر کو مضاف الیہ اور ایلہ اور ایچون کو مضاف لاتے ہیں۔ لیکن ضمیر "انلر" اس قاعدہ سے مستثنےٰ ہے۔

# فصل ۷۔ اسمائے اشارہ

اسمائے اشارہ دو قسم کے ہیں:۔ اوّل بسیطہ دوم مرکبہ۔
**بسیطہ** یہ ہیں۔ بو (یہ) شو (یہ) او (وہ) اُن میں سے اوّل

قریب کے لئے دُوسرا اوسط فاصلے کے لئے اور تیسرا دُور کے لئے مستعمل ہے
ان اسماء کی مختلف ترکیبوں میں جو مختلف حالت ہُوتی ہے وُہ ذیل کے نقشہ سے ظاہر ہے :-

| | | | |
|---|---|---|---|
| جمع | بونلر | شونلر | اونلر |
| مفعول بہ | بونی | شونی | اونی |
| مفعول الیہ | بوکا | شوکا | اکا |
| مفعول فیہ | بونده | شونده | انده |
| مفعول منہ | بوندن | شوندن | اندن |
| مفعول معہ | بونکلر | شونکلر | انکلر |
| مضاف الیہ | بونک | شونک | انک |

بعض اسمائے اشارہ ایسے ہیں جو مذکورۂ بالا اسمائے اشارہ سے ماخوذ ہیں اور وُہ حسب ذیل ہیں :- بورا (اسجگہ) شورا (اُسجگہ) اورا (اُسجگہ) بویله (اِس طرح) شویله (اس طرح) اویله (اس طرح)۔

اسمائے اشارہ مرکبہ یہ ہیں :- اویہ کی (دُور کا) اوبری (دُور کا) بریکی (قریب کا) ان کا استعمال خاصکر اس موقع پر ہوتا ہے جہاں ایک ہی قسم کی کئی چیزیں موجود ہوں اور ان میں سے ایک چیز کی طرف بالخصوص اشارہ کرنا منظور ہو۔

تمام اسمائے اشارہ کی نسبت ان قواعد کا ضرور خیال رکھنا لازم ہے۔

(۱) مشارٌالیہ جمع ہو یا منفرد اسم اشارہ ہمیشہ مفرد رہیگا۔ مثلاً بو آدم (یہ آدمی) بوادملر (یہ آدمی)۔

(۲) اگر اسم اشارہ ۔مشارٌالیہ کے ساتھ آئے تو ضمیریں مشارٌالیہ کے

آخر میں داخل ہونگی۔ جیسے احمد کٹ شوکتابی ( احمد کی یہ کتاب ) سزکٹ بوسوزیگز (آپ کا یہ کلام ) بنم اوجوابم ( میرا وہ جواب ) -

# فصل ۹ - اسمِ عدد

واضح ہو کہ اسمائے اعداد کی کئی اقسام ہیں ۔ صحیح ۔ کسور ۔ مبہم ۔ وصفی ۔ توضیعی

## اَعدادِ صحیح حسب ذیل ہیں :-

بِز (۱) ایکی (۲) اوچ (۳) دُرت (۴) بِش (۵) التی (۶) یدی (۷) سکز (۸) طقوز (۹) اون (۱۰) یکرمی (تلفظ یرمی) (۲۰) اوتوز (۳۰) قرق (۴۰) اللی (۵۰) الْتمش (۶۰) یتمش (۷۰) سِکسان (۸۰) طُقسان (۹۰) یُوز (۱۰۰) بیک (تلفظ بین) (۱۰۰۰)

باقی اعداد صحیح انہیں اعداد سے بنے ہیں ۔ چنانچہ دس اور بیس کے درمیان جو اعداد ہیں وُہ دس پر علی الترتیب ایک سے نوتک کی اکائیاں بڑھانے سے اور بیس سے تیس کے درمیان جو اعداد ہیں وہ بیس پر علی الترتیب ایک سے نوتک کی اکائیاں بڑھانے سے بنجاتے ہیں ۔ علیٰ ہذا القیاس تیس اور چالیس ۔ چالیس اور پچاس ۔ پچاس اور ساٹھ ۔ ساٹھ اور ستر ۔ ستر اور اسّی ۔ اسّی اور نوّے ۔ نوّے اور سَو کے درمیان کے اعداد مثلاً دس اور بیس کے درمیان اون بر ( گیارہ ) کا عدد اون ( دس ) پر بر ( ایک ) بڑھانے سے بنجاتا ہے ۔ اسی طرح اون ایکی ( بارہ ) اون ( دس ) پر ایکی ( دو ) بڑھانے سے بنجاتا ہے وقس علیٰ ھذا ۔

کسور ۔ بہت زیادہ مستعمل ۔ یارم ( آدھا ) چیرک ( چوتھائی ) ہیں ۔ عام قاعدہ کسور کے بنانے کا یہ ہے کہ جتنا حصہ عدد کا ظاہر کرنا ہو اس کے مطابق عدد

لیکر اسکے آگے دہ بر لگایا جائے۔ مثلاً تہائی کہنا چاہئے تو تہائی کے مطابق جو عدد ہو وہ اوچ (تین) ہے اس پر علامت مذکور لگانے سے اوچدہ بر (تہائی) ہوگیا۔ اسیطرح بشدہ بر (پانچواں حصہ) وغیرہ۔

**مبہم اعداد حسب ذیل ہیں:۔**

برقاچ (کچھ) اسکا اطلاق دس سے کم کی تعداد پر ہوتا ہے۔ برآز (کچھ) برخیلی (بہت کچھ) برچوق (بہت سے) بعض دفعہ دو اعداد صحیح کو ملاکر عدد مبہم بناتے ہیں۔ جیسے برایکی (ایک دو) اوچ درت (تین چار)

**وصفی اعداد۔** عدد صحیح پر نجی بڑھانے سے عدد وصفی بنجاتا ہے۔ جیسے برنجی (پہلا) ایکنجی (دوسرا) اوچنجی (تیسرا) دردنجی (چوتھا) بشنجی (پانچواں) التینجی (چھٹا) یدنجی (ساتواں) سکزنجی (اٹھواں) طقوزنجی (نواں) اونجی (دسواں)۔

**توضیحی** عدد سے وہ عدد مراد ہے جو تقسیم کے معنے ظاہر کرے۔ یہ عموماً عدد صحیح کے بعد جس کے آخر میں صحیح حرف ہو ر بڑھانے سے اور جس کے آخر میں حرف املا ہو شر بڑھانے سے بنتا ہے۔ جیسے برر (ایک ایک) وردر (چار چار) ایکیشر (دو دو) یہ قاعدہ اعداد صحیح کے علاوہ اور اسمائے پر بھی کبھی کبھی جاری ہوتا ہے۔ جیسے جفت سے چفتر (جفت جفت) تک سے تکر (طاق طاق) آز (کچھ) سے آزار (کچھ کچھ) یارم (نصف) سے یارمشر (نصف نصف)

اسمائے اعداد سے متعلق ذیل کے قاعدے قابل غور ہیں:۔

(۱) عدد خواہ مفرد ہو خواہ جمع اسم معدود ہمیشہ مفرد رہیگا جیسے برکتاب (ایک کتاب) ایکی کتاب (دو کتابیں)۔

(۲) اعداد صحیح جب کئی قسم کے یکجا جمع ہوں تو پہلے سب سے وہ عدد بیان کئے جاتے ہیں جو سب سے بڑے ہوتے ہیں۔ اس کے بعد اُن سے چھوٹے اور پھر اُن سے چھوٹے۔ جیسے بیگ اوچیوز اون درت یعنے (ایک ہزار تین سو چودہ)۔

# فصل ۹۔ اسم ظرف

اسم ظرف کی دو قسمیں ہیں۔ زمانی اور مکانی۔ ظرف زمانی کا کوئی قاعدہ نہیں ظرف مکانی کی دو قسمیں ہیں۔ قیاسی اور سماعی۔ ظرف مکان قیاسی۔ اسم کے آگے لک یا لق لگانے سے بنتا ہے۔ جیسے خرمالق (خرمانستان) طاغلق (کوہستان)، دیکنلک (خارستان) ظرف مکانی سماعی کی مثالیں:۔ آوک۔ ایلرو (سامنے) جیسے اوکندہ (اس کے سامنے) ایلرو بیسندہ (اس کے سامنے قریب یا دور) آرقہ (پیچھے) جیسے آرقہ سندہ (اسکے پیچھے) یوز (سطح)، جیسے یرک یوز (سطح زمین) گیرو (پیچھے یا آخر میں) جیسے قافلہ نک گیرو سیندہ (قافلہ کے آخر میں) صاغ (دایاں) صول (بایاں) آلت (نیچے) جیسے آلتدہ (نیچے کی طرف) اوست (اوپر) جیسے کتابک اوستندہ (کتاب کے اوپر) آوتہ (وہاں) بری (یہاں)، یان (پہلو) جیسے یانی (اسکا پہلو) بنم یانمدہ در (وہ میرے پہلو میں ہے یعنے میرے پاس ہے) ایچری (اندر) ایچ (میں) ان دونوں میں دوسرا لفظ زیادہ عام ہے اور حقیقی اور مجازی دونوں معنوں میں مستعمل ہے۔ جیسے ایچری گل (اندر آ) صندغک ایچی (صندوق میں) دکزک ایچی (سمندر میں) آورتہ (درمیان) اورتہ دہ (وسط میں) صرہ

(آگے پیچھے) جیسے اوکی صرہ یوریودم (اس کے آگے آگے چلائیں) آردی صرہ گیتدی (اس کے پیچھے گیا وہ)۔

ظرف زمانی کی مثالیں۔ آرہ دہ (اس اثنا میں یا احیاناً) جیسے بو آرہ دہ بورا دہ بولنملیسکز (تم اس اثنا میں یہاں ضرور ملو) آرہ دہ گید یورم (کبھی کبھی جاتا ہوں) اوتہ دنبری (ہمیشہ سے) یارین (کل آیندہ) ایرکن (علے الصباح) جیسے ایرکن گلدم (میں سویرے آیا) گیج (دیر سے) گیج گیتدم (میں دیر سے گیا) ابرگیج (کبھی کبھی) چابوق (جلد) آکسزین (ناگہاں) ایکیدہ بردہ (بار بار) یواش (آہستہ) شمدی (اب) جیسے شمدی دن صکرہ (اب کے بعد) دون (کل گذشتہ) صکرہ (بعد) جیسے احمد صکرہ (احمد کے بعد) گون (دن) جیسے لوگون کی گون (آج کا دن) ایکندی (عصر) اقشام (مغرب) یاتسی (عشا) گیجہ (رات) آی (مہینہ) ییل (سال) یاز (گرمی) گوز (خزاں) قیش (جاڑا) ایلک بہار (آغاز بہار) گوندوز (دن) کبھی دو متضاد ظرفوں کو بلا کسی حرف عطف کے ملاکر ایک نیا ظرف زمان بناتے ہیں۔ جیسے صباح اقشام (صبح وشام) گیجہ گوندوز (رات دن)۔

## فصل ۱۰۔ اسم تصغیر

عام قاعدہ کسی اسم کو مصغر بنانے کا یہ ہے کہ اگر اُسکے آخر میں حرکت خفیف ہو تو جک اور اگر حرکت ثقیل ہو تو جق لگائیں جیسے کتاب سے کتابجق (کتبیا) کاتب سے کاتبجک۔ خستہ سے خستہ جق۔ گوز سے گوزجک (انگھڑی) قویو (کنواں) سے قویوجق (کوییا) کبھی جک کو جگز اور جق کو جغز بناکر تصغیر کی تصغیر بناتے ہیں۔ جیسے ال (ہاتھ)

سے الجک اور پھر الجک سے الجگز۔ باش (سر) سے باشجق (مُنڈیا) اور پھر باشجق سے باشجغز۔

اسمائے اشارہ کی تصغیر حسب ذیل ہے:۔ بو سے بوبجغز۔ شو سے شوبجغز۔ او سے اوبجغز۔

اگر کسی اسم کے آخر میں کَ یا ق ہو تو تصغیر کی علامت لگانے کے وقت گِر جاتا ہے جیسے ایاق (پاؤں) سے آیاجق۔ قبوق (چھلکا) سے قبوجق۔ الک (چھلنی) سے الجک۔

---

# بابِ سوم

# فعل کا بیان

چونکہ "مصدر" کو فعل سے زیادہ تعلق ہے اس لئے اس باب میں پہلے اس کا بیان کیا گیا ہے۔ اس کے بعد امر۔ نہی۔ ماضی شہودی۔ ماضی نقلی۔ مضارع حال۔ استقبال۔ فعل وجوبی۔ فعل التزامی۔ فعل شرطی۔ افعال اعانتہ۔ افعال مرکبہ۔ صیغہ صلہ۔ حال ترکیبی۔ صیغہ ہائے ربط۔ صیغہ تاکیدیہ۔ صیغہ وصل و الانتقال۔ اسم فاعل۔ اسم مفعول۔ صفت مشبہ۔ اسم آلہ کا بیان علے الترتیب ایک دوسرے کے بعد کیا گیا ہے۔

## فصل ۱۔ مصدر

مصدر کی علامت مک خفیف یا مق ثقیل جیسے دیرمک (دینا) یازمق (لکھنا) اس قسم کے مجرد مصدروں سے کئی قسم کے اور مصدر حسبِ قواعدِ ذیل مشتق ہو سکتے ہیں:۔

۱۔ **مصدر منفی**۔ علامت مصدر سے پہلے ما لگانے سے جیسے گیتمک (جانا) گیتمامک (نہ جانا) اوتورمق (بیٹھنا) اوتورمامق (نہ بیٹھنا)۔

۲۔ **مصدر مجہول**۔ علامت مصدر سے پہلے حرف لام کے علاوہ کوئی حرفِ صحیح ہو تو ل ورنہ ن لگانے سے جیسے یازمق (لکھنا) یازلمق (لکھا جانا)

آرامق (تلاش کرنا) آرانمق (تلاش کیا جانا) اوقومق (پڑھنا) اوقونمق (پڑھا جانا) آلمق (لینا) آلنمق (لیا جانا) اس قاعدہ سے اکلامق (سمجھنا) مستثنےٰ ہے۔ جسکا مجہول اکلاشلمق ہے۔ کبھی حرف املا حذف کر دیتے ہیں۔ جیسے بزہ مک (سجانا) سے بزنمک (سجنا)۔ کبھی دو علامتیں لگا دیتے ہیں۔ جیسے بزہ مک سے بزنلمک (سجنا)۔

۳۔ مصدرِ مشارکت۔ ش لگانے سے بنتا ہے۔ جیسے سومک (محبّت کرنا) سوشمک (باہم محبّت کرنا) گورمک (دیکھنا) گوروشمک (ایک دوسرے کو دیکھنا) بیلمک (جاننا) بیلشمک (ایک دوسرے کو جاننا)۔

۴۔ مصدرِ متعدّی۔ مادہ مصدر کے آخر میں حرف صحیح ہو یا ر جس سے پہلے ایک ہی حرف صحیح ہو۔ یا ایک بھی نہ ہو تو علامت سے پہلے دیر یا در لگاتے ہیں۔ جیسے آچمق (کھولنا) آچدیرمق (کھلوانا) دیرمک (دینا) دیردیرمک (دلانا) صارمق (لپیٹنا) صاردیرمق (لپٹوانا) اگر حرف املا ہو یا ر ہو بشرطیکہ اس سے پہلے ایک یا زیادہ حروف صحیح ہوں تو ت لگانے سے جیسے طوقومق (بُننا) طوقوتمق (بنوانا) اور بعض مصدروں میں صرف ر لگانے سے متعدّی بنجاتا ہے جیسے ایچمک (پینا) ایچرمک (پلانا) کبھی متعدّی کو متعدّی المتعدّی بنانے کے لئے دونوں علامتیں لاتے ہیں۔ جیسے آکلامق (سمجھنا) آکلاتمق (سمجھانا) آکلاتدیرمق (سمجھوانا)۔

۵۔ مصدرِ ذاتی۔ مادہ مصدر کے بعد حرف ن بڑھانے سے فائدہ ذاتی معنوں کا دیتا ہے۔ جیسے سومک (محبّت کرنا) سونمک (اپنے آپ سے محبت کرنا)۔

۶۔ مصدرِ منفی غیر اختیاری۔ مصدر منفی میں علامت نفی سے پہلے اگر مادہ کا آخر حرف متحرک ہو تو یہ ورنہ ہ یا آ بڑھانے سے بنتا ہے۔ جیسے

گلہ مامک (نہ آسکنا) اوقویہ مامق (نہ پڑھ سکنا) یازاماق (نہ لکھ سکنا) گیدہ مامک (نہ جاسکنا)۔

ذیل میں اس امر کے سمجھانے کے لئے کہ ایک ترکی مصدر ایک ایک دو دو حروف کے زیادہ کرنے سے کس قدر مختلف معنوں کا فائدہ دیتا ہے۔ ایک جدول مصدر کی مختلف حالتوں کا درج کیا جاتا ہے:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| معروف۔ | ——— | سومک ۔ | (محبّت کرنا) |
| " | نفی ۔ | سوممک ۔ | (محبّت نہ کرنا) |
| " | نفی غیر اختیاری ۔ | سوہ ممک ۔ | (محبّت نہ کرسکنا) |
| متعدّی | | سودرمک ۔ | (محبّت کرانا) |
| " | نفی ۔ | سودرممک ۔ | (محبّت نہ کرانا) |
| " | نفی غیر اختیاری ۔ | سودرہ ممک ۔ | (محبّت نہ کراسکنا) |
| مجہول۔ | | سولمک ۔ | (محبّت کیا جانا) |
| " | نفی | سولممک ۔ | (محبّت نہ کیا جانا) |
| " | نفی غیر اختیاری ۔ | سولہ ممک ۔ | (محبّت نہ کرایا جاسکنا) |
| متعدی | | سولدرمک ۔ | (محبّت کرایا جانا) |
| مشارکت ۔ | | سوشمک ۔ | (باہم محبّت کرنا) |
| " | نفی | سوشممک ۔ | (باہم محبّت نہ کرنا) |
| " | نفی غیر اختیاری ۔ | سوشہ ممک ۔ | (باہم محبّت نہ کرسکنا) |
| مجہول ۔ | | سوشلمک ۔ | (باہم محبّت کیا جانا) |
| " | نفی | سوشلممک ۔ | (باہم محبّت نہ کیا جانا) |
| " | نفی غیر اختیاری | سوشلہ ممک | (باہم محبّت نہ کیا جاسکنا) |

متعدی - سوشدرمک - (باہم محبت کرانا)

ذاتی - سونمک - (اپنے آپ سے محبت کرنا)

" نفی - سونممک - (اپنے آپ سے محبت نہ کرنا)

" نفی غیر اختیاری - سونہ ممک - (اپنے آپ سے محبت نہ کر سکنا)

متعدی - سوندرمک - (اپنے آپ سے محبت کرانا)

" نفی - سوندرممک - (اپنے آپ سے محبت نہ کرانا)

" نفی غیر اختیاری - سوندرہ ممک - (اپنے آپ سے محبت نہ کرایا جا سکنا)

# فصل ۲ - امر

مصدر کی علامت کو حذف کر دینے سے واحد امر حاضر کا صیغہ بنجاتا ہے - جیسے چالشمق (کوشش کرنا) سے چالش (کوشش کر) جمع امر حاضر کا صیغہ واحد پر کز بڑھانے سے بنتا ہے - جیسے چالشک (کوشش کرو) - تعظیم کے موقع پر "ز" اور بڑھا دیتے ہیں - جیسے چالشگز (کوشش کیجئے) مادہ مصدر کے آخر میں اگر حرف علت ہو تو ی نہ ہونے کی صورت میں گز سے پہلے ی بڑھانی چاہیئے - جیسے آریگز (تلاش کرو) دینہ یگز (آزماؤ) آجیگز (رحم کرو) اوقویگز (پڑھو) امر غائب کی علامت سون اور سونلر ہیں - جیسے اوقو سے اوقوسون (وہ پڑھے واحد) اوقوسونلر (وہ پڑھیں) جمع -

# فصل ۳- نہی

امر کے صیغہ میں مہ اور م بڑھانے سے نہی بنجاتا ہے۔ لیکن جمع میں ی اور بڑھائی جاتی ہے۔ گل (آ)، گلمہ (مت آ)، گلمیکز (نہ آیئے) قاچ (بھاگ)، قاچمسون (نہ بھاگے)، قاچمسونلر (نہ بھاگیں) اوتور (بیٹھ) اوتورمہ (مت بیٹھ) اوتورمایکز (نہ بیٹھو) باق (دیکھ) باقمہ (مت دیکھ) باقمایکز (نہ دیکھئے) گیت (جا) گیتمہ (مت جا) گیتمہ کز (مت جاؤ) صور (پوچھ) صورمہ (مت پوچھ) صورماکز (نہ پوچھو)

# فصل ۴- ماضی

مادہ اصلی پر دی بڑھانے سے ماضی ثباتی معروف کا پہلا صیغہ واحد غائب بنتا ہے۔ اس پر لر اور کز لگانے سے جمع غائب اور جمع حاضر اور واحد غائب کی ی حذف کر کے ک۔ م۔ ق لگانے سے علی الترتیب واحد حاضر۔ واحد متکلم اور جمع متکلم کے صیغے بنتے ہیں جیسے:۔ یازدی (اس نے لکھا) یازدیلر (انہوں نے لکھا) یازدک (تو نے لکھا) یازدیکز (تم نے لکھا) یازدم (میں نے لکھا) یازدق (ہم نے لکھا)۔

یہ صیغے ماضی اثباتی کے تھے۔ ماضی منفی بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مادہ مصدر کے اور علامت ماضی کے بیچ میں م بڑھا دو۔ چنانچہ ایسا کرنے سے حسب ذیل صیغے ماضی منفی کے بنینگے:۔

یازمدی (اس نے نہیں لکھا) یازمدیلر (انہوں نے نہیں لکھا) یازمدک (تو نے نہیں لکھا) یازمدیکز (تم نے نہیں لکھا) یازمدم (میں نے نہیں لکھا)

یازمدق (ہم نے نہیں لکھا) -

ماضی اثباتی یا ماضی منفی کو مجہول بنانا ہو تو کیا منفی اور کیا اثباتی دونوں قسم کی ماضیوں میں مادہ اصلی کے آگے ل بڑھانے سے مجہول کا صیغہ بنجاتا ہے:-
یازلدی (وُہ لکھا گیا) یازلدیلر (وہ لکھے گئے) یازلدک (تو لکھا گیا) یازلدکز (تم لکھے گئے) یازلدم (میں لکھا گیا) یازلدق (ہم لکھے گئے) اسی طرح یازلمدی (وُہ نہیں لکھا گیا) یازلمدیلر (وُہ نہیں لکھے گئے) وغیرہ وغیرہ -

# فصل ۵ - ماضی نقلی

اس ماضی کا پہلا صیغہ مادۂ مصدر پر مش لگانے سے بنتا ہے - دُوسرا صیغہ جمع غائب اس صیغہ پر لر لگانے سے - اور باقی صیغے اسی صیغہ پر - ضمائر نسبیہ یعنے سک - سکز - م - ز لگانے سے بنجاتے ہیں - جیسے :-
یازمش (کہتے ہیں کہ اُس نے لکھا) یازمشلر (کہتے ہیں کہ اُنہوں نے لکھا) یازمشک (" تو نے لکھا) یازمسکز (" تم نے لکھا) یازمشم (" میں نے لکھا) یازمشز (" ہم نے لکھا) - اسکو منفی کرنا ہو تو م اور مجہول بنانا ہو تو ل لگاؤ جیسے یازممش (کہتے ہیں کہ اُس نے نہیں لکھا) - یازلمش (کہتے ہیں کہ وُہ لکھا گیا) یازلممش (کہتے ہیں کہ وہ نہیں لکھا گیا)

# فصل ۶ - مضارع

(۱) مضارع بنانے کا عام قاعدہ یہ ہے کہ مادۂ مصدر پر ر لگانے سے پہلا صیغہ اور پھر اس پر ضمائر نسبیہ لگانے سے باقی صیغے بنجاتے ہیں - جیسے
یازر (وُہ لکھے) یازرلر (وہ لکھیں) یازرسک (تو لکھے) یازرسکز

(تم لکھو) یا زرم (میں لکھوں)، یا زرز (ہم لکھیں)۔

(۲) اگر مضارع کے آخر پہلے سے ر موجود ہو اور اس میں حروف بھی بہت ہوں تو یہ ر متحرک ہو کر مکسور پڑھی جائیگی جیسے صرادِ سے صرادِرُ (زرد ہو) اور اگر حروف کم ہوں تو یہ ر مفتوح رہیگی جیسے صور سے صورَرُ (پوچھے) اور اگر مضارع کے آخر سے پہلا حرف ش ہو اور حروف بہت ہوں تو و اور اگر حروف کم ہوں تو ا بڑھاتے ہیں۔ جیسے قونش سے قونشور (مخاطب کرے) اور طاش سے طاشار (لیجاتے)۔

(۳) ذیل کے مصادر سے جو مضارع آتے ہیں وہ اِن قاعدوں سے مستثنےٰ ہیں:- اورمق سے اورور (مارے) بولمق سے بولور (پائے) کورمک سے کورر (دیکھے) اولمق سے اولور (ہووے) ویرمک سے دیریر (دے) المق سے الیر (لے) بیلمک سے بیلیر (جانے) صانمق سے صانیر (سوچے) قالمق سے قالیر (ٹھہرے) گلمک سے گلیر (چلے آئے)۔

(۴) اگر مادہ اصل کے آخر میں ت ہو وہ علامت مضارع لگانے کے وقت متحرک ہونے کی وجہ سے د سے بدل جاتی ہے۔ جیسے۔ گیتمک سے گیدر (جائے) ایتمک سے ایدر (کرے)، ذیل کے مصدر اس قاعدہ سے مستثنےٰ ہیں باتمق (ڈوبنا) یاتمق (سونا) صاتمق (بیچنا) اتمق (پھینکنا) اوتمک (چھپانا) قاتمق (ملانا)۔

# فصل ۷- حال

حال کا صیغہ واحد غائب مادہ اصلی پر یور بڑھانے سے اور صیغہ جمع غائب

اس پر لر بڑھانے سے بنجاتا ہے۔ باقی صیغے حسب دستور واحد غائب پر ضمائر نسبیہ بڑھانے سے بنجاتے ہیں جیسے اراملق (تلاش کرنا) سے :۔

ارایور (وہ تلاش کرتا ہے) ارایورلر (وہ تلاش کرتے ہیں) ارایورسک (تو تلاش کرتا ہے) ارایورسکز (تم تلاش کرتے ہو) ارایورم (میں تلاش کرتا ہوں) ارایورز (ہم تلاش کرتے ہیں)۔

# فصل ۸۔ استقبال

استقبال کا پہلا صیغہ مادہ اصلی پرہ اور جک یا جق لگانے سے اور اس کی جمع جکلر یا جقلر لگانے سے بنتے ہیں۔ باقی صیغے پہلے صیغے پر ضمائر نسبیہ لگانے سے بنتے ہیں۔ جیسے بیلمک (جاننا) سے :۔

بیلہ جک (وہ جانیگا) بیلہ جکلر (وہ جانینگے) بیلہ جکسک (تو جانیگا) بیلہ جکسکز (تم جانوگے) بیلہ جکم (میں جانونگا) بیلہ جکز (ہم جانینگے)۔ لیکن اگر مادہ اصلی کے آخر میں حرف املا ہو تو بجائے ہ کے یہ بڑھانا پڑیگا۔ جیسے باشلامق (شروع کرنا) سے :۔

باشلایہ جق (وہ شروع کریگا) باشلایہ جقلر (وہ شروع کرینگے) باشلایہ جقسک (تو شروع کریگا) باشلایہ جقسکز (تم شروع کروگے) باشلایہ جقم (میں شروع کرونگا) باشلایہ جقز (ہم شروع کرینگے)۔ اسی طرح اوقومق (پڑھنا) سے اوقویہ جق (وہ پڑھیگا) اسنہ مک (انگڑائی لینا) سے اسنہ جک (وہ انگڑائی لیگا) یوریمک (چلنا) سے یوریہ جک (وہ چلیگا)۔

واضح رہے کہ مستقبل کو اگر منفی کرنا منظور ہو تو علاوہ مہ کے ہ بھی بڑھانی پڑیگی۔ جیسے یازمیہ جق (وہ نہ لکھیگا) سے :۔

یازمیہ جق (وُہ نہیں لکھیگا) یازمیہ جقلر (وُہ نہیں لکھینگے) یازمیہ جقسک (تونہیں لکھیگا) یازمیہ جقسکز (تم نہیں لکھوگے) یازمیہ جغم (میں نہیں لکھونگا) یازمیہ جغز (ہم نہیں لکھینگے)۔

استقبال کی بحث میں یہ قاعدہ ہمیشہ ملحوظ رہنا چاہئے کہ اگر علامتِ استقبال جق ہے تو آخر کے دو صیغوں میں (جیسا کہ اُوپر کی گردان سے ظاہر ہے) جق کا ق - غ سے بدل جائیگا۔

# فصل ۹۔ فعل وجوبی

اس فعل کے پہلے دو صیغے مادہ مصدر پر ملی اور ملیلو بڑھانے سے اور باقی صیغے پہلے صیغہ پر ضمائر نسبیہ بڑھانے سے بنتے ہیں۔ جیسے یازمق (لکھنا) سے:۔

یازملی (اُسے لکھنا چاہئے) یازملیلر (انہیں لکھنا چاہئے) یازملیسک (تجھے لکھنا چاہئے) یازملیسکز (تمہیں لکھنا چاہئے) یازملی یم (مجھے لکھنا چاہئے)۔ یازملی یز (ہمیں لکھنا چاہئے)۔

یہ فعل عموماً وجوب کا فائدہ دیتا ہے۔ لیکن مصدر اولمق (ہونا) کا فعل وجوبی وجوب اور احتمال دونو معنے دیتا ہے۔ جیسے اولملی (چاہئے کہ وُہ ہو یا ممکن ہے کہ وُہ ہو)۔

فعل وجوبی منفی:۔ یازمملی (اُسے نہ لکھنا چاہئے) یازمملیلر (انہیں نہ لکھنا چاہئے) وغیرہ۔

# فصل ۱۰۔ فعل التزامی

یہ فعل دراصل "امر" کی ایک دوسری صورت ہے۔ اور مادۂ مصدر پر ہ اور ہ لر لگانے سے اور باقی صیغے بدستور پہلے صیغہ پر ضمائر نسبیہ لگانے سے بنتے ہیں۔ جیسے یازمق (لکھنا) سے :۔

یازہ (وہ لکھے) یازہ لر (وہ لکھیں) یازہ سڭ (لکھ) یازہ سکز (لکھو) یازہ یم (مَیں لکھوں) یازہ لم (ہم لکھیں)۔

واضح رہے کہ فعل التزامی کے پہلے "صیغے آجکل مستعمل نہیں ہیں۔ انکی جگہ امر غائب کے صیغے استعمال کیے جاتے ہیں۔

فعل التزامی منفی۔ یازمیہ (وہ نہ لکھے) یازمیہ لر (وہ نہ لکھیں) وغیرہ۔

# فصل ۱۱۔ فعل شرطی

مادۂ اصلی پر سہ اور پھر بدستور اس پر ضمائر نسبیہ لگانے سے فعل شرطی کے صیغے بنجاتے ہیں۔ جیسے بیلمک (جاننا) سے :۔

بیلسہ (اگر وہ جانے) بیلسہ لر (اگر وہ جانیں) بیلسہ ڭ (اگر تو جانے) بیلسہ ڭز (اگر تم جانو) بیلسہ م (اگر مَیں جانوں) بیلسہ ک (اگر ہم جانیں)۔

فعل شرطی منفی :۔ بیلمسہ (اگر وہ نہ جانے)۔

# فصل ۱۲۔ افعال اعانہ

افعال اعانت سے مُراد وُہ افعال ہیں۔ جو دوسرے افعال سے ملکر ہی معنے پیدا کرتے ہیں۔ جیسے ایدی (تھا) ماضی شہودی کے لئے ایمش (کہتے ہیں

کہ تھا) ماضی نقلی کے لئے ۔ ایسہ (اگر تھا) فعل شرطی کے لئے ۔ فعل کے ساتھ ملکر یہ افعال "استمرار" کے معنے پیدا کرتے ہیں ۔ جیسے سودی (محبت کی) سودی ایدی (محبت کرتا تھا)۔

## "ایدی" کی گردان "سومک" کے مشتقات کے ساتھ

**ماضی**۔ سودی ایدی (وُہ محبّت کرتا تھا) سودی ایدیلر (وہ محبّت کرتا تھے) سودی ایدکؔ (تو محبّت کرتا تھا) سودی ایدیکز (تم محبت کرتا تھا) سودی ایدم (میں محبّت کرتا تھا) سودی ایدک (ہم محبّت کرتے تھے)۔

**ماضی نقلی**۔ سومش ایدی (کہتے ہیں کہ وُہ محبّت کرتا تھا) سومش ایدیلر۔ سومش ایدکؔ (سومش ایدکز۔ سومش ایدم ۔ سومش ایدک۔

**مضارع**۔ سورایدی (وہ محبّت کرتا تھا) سورایدیلر۔ سورایدکؔ ۔ سورایدکز۔ سودایدم ۔ سورایدک ۔

**حال**۔ سویورایدی (وہ محبّت کیا کرتا ہے) سویورایدیلر۔ سویور ایدکؔ۔ سویورایدکز۔ سویورایدم ۔ سویورایدکؔ ۔

**استقبال**۔ سوہ جک ایدی (وُہ محبّت کیا کریگا) سوہ جک ایدیلر۔ سوہ جک ایدکؔ ۔ سوہ جک ایدکز۔ سوہ جک ایدم ۔ سوہ جک ایدک ۔

**وجوبی**۔ سوملی ایدی (اُسے چاہیئے تھا کہ محبّت کیا کرتا) سوملی ایدیلر سوملی ایدکؔ ۔ سوملی ایدم ۔ سوملی ایدک ۔

**التزامی**۔ سوہ ایدی (اسے لازم تھا کہ محبّت کیا کرتا) سوہ ایدیلر۔ سوہ ایدکؔ ۔ سوہ ایدکز۔ سوہ ایدم۔ سوہ ایدکؔ ۔

**شرطی**۔ سوسہ ایدی (اگر وہ محبّت کیا کرتا) سوسہ ایدیلر۔ سوسہ ایدکؔ

سوسہ ایدکز۔ سوسہ ایدم۔ سوسہ ایدک۔

## ایمش کی گردان سومک کے مشتقات کرساتھ

**ماضی نقلی**۔ سومش ایمش (کہتے ہیں کہ وُہ محبت کرتا تھا) سومش ایمشلر
سومش ایمشسک۔ سومش ایمشسکز۔ سومش ایمشم۔ سومش ایمشز۔

**مضارع**۔ سودا ایمش (کہتے ہیں کہ وُہ محبت کرتا تھا) سورا ایمشلر۔
سورا ایمشسک۔ سورا ایمشسکز۔ سورا ایمشم۔ سورا ایمشز۔

**حال**۔ سویورا ایمش (کہتے ہیں کہ وہ محبت کیا کرتا ہے) سویورا ایمشلر
سویورا ایمشک۔ سویورا ایمشکز۔ سویورا ایمشم۔ سویورا ایمشز۔

**استقبال**۔ سوہ جک ایمش (کہتے ہیں کہ وُہ محبت کیا کریگا) سوہ
جک ایمشلر۔ سوہ جک ایمشسک۔ سوہ جک ایمشسکز۔ سوہ جک ایمشم
سوہ جک ایمشز۔

**وجوبی**۔ سوملی ایمش (کہتے ہیں کہ اُسے محبت کرنا چاہیئے تھا) سوملی
ایمشلر۔ سوملی ایمشسک۔ سوملی ایمشسکز۔ سوملی ایمشم۔ سوملی ایمشز

**التزامی**۔ سوہ ایمش (کہتے ہیں کہ اُسے محبت کرنا لازم تھا) سوہ ایمشلر
سوہ ایمشک۔ سوہ ایمشکز۔ سوہ ایمشم۔ سوہ ایمشز۔

## فصل ۱۳۔ افعالِ مرکبہ

یہ وُہ افعال ہیں جو علاوہ اپنے مستقل معنوں کے دوسرے افعال سے
ملکر نئے معنے بھی پیدا کرتے ہیں۔ انکی پانچ قسمیں ہیں:۔ (۱) اقتداری۔
(۲) تعجیلی (۳) زمانی۔ (۴) فعل مقاربت۔ (۵) فعل استمراری۔

(۱) **بحث فعلِ اقتداری**۔ کسی مصدر کے صیغہ التزامی مثلاً یازمق کے صیغہ التزامی (یازہ) کو مصدر بیلمک کے مشتقات پر بڑھانے سے فعل اقتداری بنجاتا ہے اور اس سے قوۃ اور استطاعت کے معنے ظاہر ہوتے ہیں۔ جیسے

**ماضی شہودی**۔ یازہ بیلدی (وہ لکھ سکا) یازہ بیلدیلر۔ یازہ بیلدکز۔ یازہ بیلدکز۔ یازہ بیلدم۔ یازہ بیلدک۔

**ماضی نقلی**۔ یازہ بیلمش (کہتے ہیں کہ وہ لکھ سکا) یازہ بیلمشلر۔ یازہ بیلمشک۔ یازہ بیلمشسکز۔ یازہ بیلمشم۔ یازہ بیلمشز۔

**مضارع**۔ یازہ بیلر (وہ لکھ سکے) یازہ بیلرلر۔ یازہ بیلرسک۔ یازہ بیلرسکز۔ یازہ بیلیرم۔ بیلیرز۔

**حال**۔ یازہ بیلیور (وہ لکھ سکتا ہے) یازہ بیلیورلر۔ یازہ بیلیورسنک یازہ بیلیورسکز۔ یازہ بیلیورم۔ یازہ بیلیورز۔

**استقبال**۔ یازہ بیلہ جک (وہ لکھ سکیگا) یازہ بیلہ جکلر۔ یازہ بیلہ جکسک۔ یازہ بیلہ جکسکز۔ یازہ بیلہ جکم۔ یازہ بیلہ جکز۔

**وجوبی**۔ یازہ بیلملی (اُسے چاہئے کہ لکھ سکے) یازہ بیلملیلر۔ یازہ بیلملیسک۔ یازہ بیلملیسکز۔ یازہ بیلملی م۔ یازہ بیلملی یز۔

**التزامی**۔ یازہ بیلہ (اُسے لازم ہے کہ لکھ سکے) یازہ بیلہ لر۔ یازہ بیلہ سنک۔ یازہ بیلہ سکز۔ یازہ بیلہ یم۔ یازہ بیلہ یم۔

**شرطی**۔ یازہ بیلسہ (اگر وہ لکھ سکا) یازہ بیلسہ لر۔ یازہ بیلسہ کنز۔ یازہ بیلسہ کز۔ یازہ بیلسہ م۔ یازہ بیلسہ ک۔

## "ایبسه" کی گردان سومک کے مشتقات کے ساتھ

ماضی- سودی ایبسه (اگر وہ محبّت کرتا تھا) سودی ایبسه لر- سودی ایبسه کٹ- سودی ایبسه کز- سودی ایبسه م- سودی ایبسه ک-

ماضی نقلی سومش ایبسه (کہتے ہیں اگر وُہ محبّت کرتا تھا) سومش ایبسه لر- سومش ایبسه کٹ- سومش ایبسه کز- سومش ایبسه م- سومش ایبسه ک-

مضارع- سور ایبسه (اگر وہ محبّت کرتا تھا) سور ایبسه لر- سور ایبسه کٹ- سور ایبسه کز- سور ایبسه م- سور ایبسه ک-

حال- سویور ایبسه (اگر وہ محبّت کیا کرتا ہے) سویور ایبسه لر- سویور ایبسه کٹ- سویور ایبسه کز- سویور ایبسه م- سویور ایبسه ک-

اِستقبال- سوه جک ایبسه (اگر وہ محبّت کیا کریگا) سوه جک ایبسه لر- سوه جک ایبسه کٹ- سوه جک ایبسه کز- سوه جک ایبسه م- سوه جک ایبسه کٹ-

وجُوبی- سوملی ایبسه (اگر اسے محبّت کرنا چاہئے تھا) سوملی ایبسه لر- سوملی ایبسه کٹ- سوملی ایبسه کز- سوملی ایبسه م- سوملی ایبسه کٹ-

(۱) واضح ہو کہ ایدی- ایمش- ایبسه کے الف کو حذف کرنا بھی جائز ہے- جیسے یازه یدی (اسے چاہئے تھا کہ لکھے) یازه یمش (کہتے ہیں کہ اُسے چاہئے تھا کہ لکھے) یازیور لیسه (اگر وہ لکھا کرتا ہے)-

(۲) بلکہ بعض اوقات ا اور ی دونو حذف کر دیتے ہیں- جیسے یازیور ایدی سے یازیوردی (وُہ لکھا کرتا ہے) یازه جق ایمش سے یازه جقمش (کہتے ہیں کہ وہ لکھا کریگا) یازملی ایبسه سے یازملیسه (اگر اُسے لکھنا چاہئے تھا

(۳) اگر فعل اعانة کو منفی کرنا منظور ہو تو اس پر "دگل" (نہیں) بڑھاؤ جیسے

دگل ایدی (نہیں تھا) دگل ایمش (سنتے ہیں کہ نہیں تھا) دگل ایسہ (اگر نہیں تھا)۔

(۲) **بحثِ فعل تعجیلی**۔ کسی مصدر مثلاً یازمق کے مادہ اصلی "یاز" پر ی زیادہ کر کے اُس پر مصدر "ویرمک" کے مشتقات بڑھانے سے بنتا ہے اور "جلد" کے معنے ظاہر کرتا ہے۔ اس فعل کی ہر ایک گردان کا پہلا صیغہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے:۔ یازی ویردی (اُس نے جلد لکھا) یازی ویرمش (کہتے ہیں کہ اُس نے جلد لکھا) یازی ویریر (وُہ جلد لکھے) یازی ویریور (وُہ جلد لکھتا ہے) یازی ویرہ جک (وُہ جلد لکھیگا) یازی ویرملی (چاہیئے کہ وُہ جلد لکھے) یازہ ویرہ (لازم ہے کہ وہ جلد لکھے) یازی ویرسہ (اگر اس نے جلد لکھا)۔

(۳) **بحثِ فعل زمانی**۔ کسی مصدر کے ماضی نقلی۔ یا مستقبل یا مضارع کے صیغہ واحد غائب پر اولمق کے مشتقات کو بڑھانے سے بنتا ہے۔ جیسے یازار اولدی (وُہ لکھنے لگا) یازمق اولدی (وُہ لکھنے لگا) یازہ جک اولدی (وہ لکھنے لگا) یازان اولمش (کہتے ہیں کہ وُہ لکھنے لگا) یازار اولور (وُہ لکھنے لگے) یازار اولیور (وہ لکھنے لگتا ہے) یازار اولہ جق (وہ لکھنے لگے گا) یازار اولملی (اُسے چاہیئے کہ لکھنے لگے) یازار اولہ (اُسے لازم ہے کہ لکھنے لگے) یازار اولسہ (اگر وہ لکھے گا) +

اس فعل کو منفی کرنا ہو تو حرف نفی پہلے جزو یا دُوسرے جزو میں لانا جائز ہے جیسے اوقومامش اولمق (نہ پڑھنے لگنا) اوقومش اولمامق (نہ پڑھنے لگا) -

(۴) **بحثِ فعل مقاربت**۔ اس فعل سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ فعل اب ہونے ہی کو ہے۔ اور کسی مصدر مثلاً دوشمق (گرنا) کے مادہ اصلی پر ہ لگا کر اُسے

یازمق کے کسی فعل کے ساتھ ملانے سے پیدا ہوتا ہے۔ جیسے:-
دوشہ یازدی (وہ گرنیکو تھا) دوشہ یازدیلر (وُہ گرنیکو تھے) دوشہ یازدک - (توگرنے کو تھا) دوشہ یازدیکز (تم گرنے کو تھے) دوشہ یازدم (مَیں گرنے کو تھا) دوشہ یازدق (ہم گرنے کو تھے)۔

(۵)۔ **بحثِ فعلِ استمراری** - اِس سے کسی کام کے ہمیشہ یا عرصہ تک ہونے کے معنے ظاہر ہوتے ہیں۔ اور مادّہ مصدر پرہ بڑھاکر اسکو طورمق۔ گورمک قالمق۔ گلمک کے مشتقات کے ساتھ ملانے سے بنتا ہے۔ جیسے:
یازہ طور (لکھتا رہ) اوقویہ کور (پڑھتا رہ) شاشہ قالسونلر (حیران رہا کریں) اولہ کلمش (ہوتا رہا) بیلہ گلدی (جانتا رہا) اوگرنہ کلمش (سکھاتا رہا)

# فصل ۱۴۔ صیغۂ صلہ

یہ صیغہ ماضی کے صیغہ جمع متکلم پر اور مستقبل کے صیغہ مفرد غایب پر ی بڑھانے سے بنتا ہے۔ اِس صورت میں اگر مصدر خفیفہ ہے تو ک ی سے اور اگر مصدر ثقیل ہے توق -غ سے بدلجاتا ہے۔ صیغہ جمع غایب اس قاعدہ سے مستثنےٰ ہے۔

**ماضی شہودی کی گردان**۔ یازدیغی (جوکہ اُس نے لکھا) یازدقلری (جوکہ اُنہوں نے لکھا) یازدیغک (جوکہ تو نے لکھا) یازدیغکز (جوکہ تم نے لکھا) یازدیغم (جوکہ مَیں نے لکھا) یازدیغمز (جوکہ ہم نے لکھا) -

**مستقبل کی گردان** - یازہ جغی (جوکہ وُہ لکھیگا) یازہ جقلر۔ (جوکہ وُہ لکھینگے) یازہ جغک (جوکہ تو لکھیگا) یازہ جغکز (جوکہ تم لکھوگے) یازہ جغم (جوکہ مَیں لکھونگا) یازہ جغمز (جوکہ ہم لکھینگے) - بیلہ جکی (جوکہ وُہ جانیگا

بیلہ جکلری (جو کہ وہ جائینگے) بیلہ جبلکْ (جو کہ تو جانے گا) بیلہ جکلز (جو کہ تم جانوگے) بیلہ جکم (جو کہ میں جانونگا) بیلہ جکمز (جو کہ ہم جائینگے)۔

# فصل ۱۵۔ صیغہ حال ترکیبی

اِس صیغہ سے فاعِل فعل کی حالت معلوم ہوتی ہے۔ اور فعل التزامی کے مفرد غائب پر رک (اگر مصدر خفیف ہو) اور رق (اگر مصدر ثقیل ہو)۔ لگانے سے پیدا ہوتا ہے۔ جیسے کولمک (ہنسنا) سے کولہ (ہنستے ہوئے) چنانچہ کہتے ہیں۔ سعید کولہ رک کیتدی و فرید اوقویہ رق کلدی (سعید ہنستا ہوا گیا اور فرید پڑھتا ہوا آیا) کبھی صرف صیغہ کو دوبارہ لاتے ہیں اور علامت رک یا رق نہیں پڑھاتے جیسے دوشہ قالقہ کلدی (جو اصل میں دوشہ رک قالقہ رق کلدی تھا) یعنے گرتا پڑتا آیا۔ اسی طرح قوشہ قوشہ کلدی (ہنکاتا ہوا آیا) کولہ کولہ کیتدی (ہنستا ہوا گیا) کبھی صرف ایکن بڑھانے سے یہی فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ جیسے سن گزییورایکن بن چالیشیورایدم (جبکہ تو سیر کر رہا تھا میں محنت کر رہا تھا) سن کلیورایکن بن کید یورایدم (جبکہ تو آرہا تھا میں جارہا تھا)۔

مصدر پر سزین بڑھانے سے حال کی نفی حاصل ہوتی ہے۔ جیسے:- المقسزین گیتدم (بلا لئے میں چلا گیا)۔

# فصل ۱۶۔ صیغہ ہائے ربط

یہ صیغے ایک جُملہ کو دُوسرے جملہ سے ملاتے ہیں۔ تعداد میں پانچ ہیں:- عطفیہ۔ توقیتیہ۔ تعقیبیہ۔ انتہائیہ۔ ابتدائیہ۔

(۱) **بحث عطفیہ**۔ مادۂ اصلی پر اگر اس کے آخر میں حرف صحیح ہو تو وب اور اگر حرفِ املا ہو تو یوب لگانے سے بنتا ہے۔ مثلاً گلمک سے گلوب۔
استعمال کی مثالیں۔ کلوب کیتدی (وُہ آیا اور گیا) کلوب کیدر (وُہ آتو اور جاوے) کلوب کیدہ جک (وُہ آئے گا اور جائیگا)۔

(۲) **بحث توقیتیہ**۔ ماضی شہودی کے صیغہ جمع متکلم پر بہ لگانے سے بنتا ہے: جیسے ایتمک (کرنا)، سے ایتدیکجہ۔ استعمال کی مثالیں:۔
سن بویلہ درسہ دوام ایتدکجہ علومدہ ترقی اید رسک (تو جب تک اِس طرح سبق لیتا رہیگا ترقی کریگا) سن رعایتلی اولدقجہ هر ایشدہ موفق اولور سنک (جب تک تو رعایت کرتا رہیگا ہر کام میں توفیق پائیگا) سن درسہ چالشدقجہ هر کسی سنی سود (جب تک تو سبق پر محنت کرتا رہیگا ہر شخص تجھ سے محبت کریگا)
کبھی مادام کو بھی اس مطلب کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ جیسے مادام کہ نیتکز خالصدر موفق اولور سکز (جب تک تمہاری نیّت خالص رہیگی توفیق پاؤ گے)
کبھی جہ کو دہ سے بدلتے ہیں تو اس سے وقت کے معنے حاصل ہوتے ہیں۔ جیسے سود کدہ (اسوقت کہ میں اُس سے محبّت کروں)۔

(۳) **بحث تعقیبیہ**۔ مادۂ اصلی پر یجک بڑھانے سے بنتا ہے جیسے گلیجک (آنے کے بعد) لیکن یہ صیغہ اب بہت کم مستعمل ہے۔

(۴) **بحث انتہائیہ**۔ مادۂ اصلی پر نجہ بڑھانے سے بنتا ہے اور فعل کی انتہا کو ظاہر کرتا ہے۔ جیسے یازنجہ (جب وُہ لکھ چکا) لیکن اگر مادہ کا آخری حرف حرفِ املا ہے تو ینجہ بڑھاتے ہیں جیسے باشلاینجہ (جب وُہ شروع کر چکا) استعمال کی مثالیں:۔ افندی بونی دینجہ کمسہ نك سویلیہ جک قالمدی (آفندی نے جب یہ کہا تو کسی کو کوئی کہنے کی بات نہیں رہی) سن بویلہ دینجہ

بزہ دیہ جک ھر سوز قالمز (جب تو نے یہ کہا تو میں تجھ سے کچھ کہنا باقی نہ رہا)۔
کبھی یہ دک یا یہ قدر بڑھانے سے بھی یہ مطلب حاصل ہوتا ہے۔
جیسے کلینجہ یہ دک بکلرم (جب تک وہ آئے انتظار کرتا ہوں) یا ینجہ یہ قدر (جب تک وُہ لکھ چکے) کبھی یہ صیغہ صیغہ تعقیبیہ کے معنے بھی دیتا ہے جیسے بن کلینجہ او قالقوب کیتدی (جبکہ میں آیا وہ کھڑا ہوا اور چلا گیا)۔
(۵) **بحث ابتدائیہ**۔ فعل التزامی کے صیغہ مفرد غائب پر لی بڑھانے سے بنتا ہے۔ اور وقوع فعل سے تکلم کے زمانہ تک فعل کے متواتر ہوتے رہنے کو ظاہر کرتا ہے۔ جیسے بن گیرہ لی بر کون کچکمدم (جیسے کہ میں اندر میں) داخل ہوا ہوں ایک دن بھی پیچھے نہیں رہا) کبھی لی پر دنبرو کو بڑھاتے ہیں جیسے باشلایہ لیدنبرو (جیسے کہ اُس نے شروع کیا) یعنے شروع کرنے کے وقت سے لیکر۔

# فصل ۱۷۔ صیغہ تاکیدیہ

یہ صیغہ فعل التزامی کے صیغہ مفرد غائب کو مکرّر لانے سے بنتا ہے جیسے یازہ یازہ او گوندم میں لکھتے لکھتے سیکھ گیا۔

# فصل ۱۸۔ صیغہ الوصل و الانتقال

جس کلمہ پر ایسہ دہ بڑھاتے ہیں تو یہ صیغہ بنجاتا ہے اور اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ پہلے جملہ میں بات بیان کی گئی ہے اسکا ثمرہ کچھ حاصل نہیں ہوا۔ جیسے چند دفعہ یازلمش ایسہ دہ بر جواب ثواب الندمدی (اگرچہ کئی مرتبہ لکھا گیا لیکن ایک جواب باصواب نہیں آیا)۔

# فصل ۱۹- اِسم فاعل

مادہ مصدر پر (اگر خفیف ہو تو) ن اور (اگر ثقیل ہو تو) اَن لگانے سے اسم فاعل بنتا ہے۔ اور اگر مادہ مصدر کا حرف اخیر حرفِ علّت ہو تو یَ اور بڑھانی پڑتی ہے۔ جیسے ویرمک (دینا) سے ویرن (دینے والا) باشلامق (شروع کرنا) سے باشلایان (شروع کرنے والا)۔

اسم فاعل کو منفی کرنا ہو تو م بڑھاتے ہیں۔ جیسے ویرمین (نہ دینے والا) باشلامیان (نہ شروع کرنے والا)۔

جی اور یجی کے بڑھانے سے بھی اسم فاعل بنتا ہے۔ لیکن اس صورت میں عموماً پیشہ کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ جیسے سوتجی (شیر فروش)، اتمکجی (نانبائی) دمیرجی (لوہار) آرایجی (تلاش کرنے والا)۔

اِسم فاعل کا مبالغہ اس طرح بنتا ہے کہ مادہ اصل پر اگر مصدر خفیف ہو تو کن اور کیجی اور اگر مصدر ثقیل ہو تو غان اور غیجی بڑھائیں۔ جیسے چکشکن (بڑا کھینچنے والا) بیلیکیجی (بڑا جاننے والا) اوتانغان (بڑا حیا والا) طانغیجی (بڑا جاننے والا) لیکن اگر مادہ اصلی کے آخر میں ت یا ش ہو تو غ ق سے بدلجاتا ہے جیسے صریتقان (مسکرانیوالا) چالشقان (کوشش کرنے والا)۔

# فصل ۲۰- اسم مفعول

اِس کا قاعدہ بھی مثل اسم فاعل کے قاعدہ کے ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ وُہ مصدر معروف سے بنتا ہے اور یہ مصدر مجہول سے۔ جیسے:-

سویلمک (محبت کیے جانا) سے سویلن (محبت کیا گیا) سویلیان (محبت

کیا گیا) الملک (لینا) سے النان (لیا گیا) آلنمیان (نہ لیا گیا)۔

کبھی ماضی نقلی کے مجہول کا پہلا صیغہ بھی اس معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ جیسے یازلمش (لکھا گیا)، بیلنمش (جانا گیا)۔

کبھی مصدر تخفیفی بھی اس کام آتا ہے جیسے یازمہ کتاب (لکھی ہوئی کتاب) باصمہ کتاب (چھپی ہوئی کتاب)۔

## فصل ۲۱ صِفتِ مُشبّہ

صِفتِ مشبّہ کا کوئی قیاسی قاعدہ نہیں۔ عام قاعدہ یہ ہے کہ مادہ اصلی پر کین یا کون (اور اگر مصدر ثقیل ہو تو) غین یا غون بڑھانے سے یہ صیغہ بنجاتا ہے۔ جیسے پیشکین (پکا ہوا) دوشکون (گرا ہوا) طالغین (فکر میں ڈوبا ہوا) یورغون (تھکا ہوا)۔

کبھی حرف ک یا ق کے بڑھانے سے یہ مطلب حاصل ہوتا ہے۔ جیسے کسیک (کاٹنے والا) یانق (جلانے والا)۔

## فصل ۲۲۔ اسمِ آلہ

اسم آلہ کا بھی کوئی قیاسی قاعدہ نہیں۔ عموماً کی یا کو اور مصادر ثقیلہ میں غی یا غو لگانے سے یہ صیغہ بنتا ہے۔ جیسے سوزکو (چھلنی یا صافی چیز کی (جس چیز سے نشان لگایا جائے) چالغی (جس چیز سے مارا جائے جیسے لاٹھی)، بورغو (برما)۔

# بابِ چہارم

## حرُوف کا بیان

علاوہ ان حروف کے جو محض ترکی الاصل ہیں۔ فارسی اور عربی زبان کے حروف بھی اس زبان میں مستعمل ہیں۔ لیکن ذیل کی فصلوں میں صرف اُن حروف کا بیان کیا جاتا ہے جو محض ترکی الاصل ہیں۔

## فصل ۱۔ حرفِ استفہام

ترکی حرف استفہام می افعال اور اسما دونوں میں مستعمل ہے۔ اور عموماً کلمہ کے آخر میں آتا ہے۔ جیسے یازماق (نہ لکھنا) یازمامقمی (کیا نہ لکھنا) گلمک لازمدر (آنا لازم ہے) گلمک لازم می در (کیا آنا لازم ہے)۔

ماضی معروف میں یہ حرف ہمیشہ ضمائر نسبیہ کے بعد میں آتا ہے۔ جیسے:۔ یازدیمی (کیا اس نے لکھا) یازدیلرمی (کیا اُنہوں نے لکھا) یازدکمی (کیا تو نے لکھا) یازدکزمی (کیا تم نے لکھا) یازدممی (کیا مَیں نے لکھا) یازدقمی (کیا ہم نے لکھا)۔

لیکن اَور افعال میں یہ حرف ضمائر نسبیہ سے پہلے آتا ہے جیسے مضارع کی گردان میں:۔ یازارمی (کیا وُہ لکھے) یازارلرمی (کیا وہ لکھیں) یازار مسیک (کیا تو لکھے) یازارمیسکز (کیا تم لکھو) یازارمی یم (کیا میں لکھوں) یازارمی یز

(کیا ہم لکھیں گے)۔

# فصل ۲۔ حروفِ جر

اُردو زبان کی طرح تُرکی زبان میں بھی حروفِ جر کلمہ سے پیچھے آتے ہیں جیسے دہ (میں)، ایودہ (گھر میں) دک (تک) اورمنہ دک (جنگل تک) میں زیادہ مستعمل حروف حسبِ ذیل ہیں :۔

اوزرہ (پر) جیسے بالش اوزرہ (سر پر)۔

قارشو (مقابل) جیسے لبکا قارشو (میرے مقابل)۔

یقین (پاس) جیسے ایونہ یقین (گھر کے قریب)۔

اوزاق (دُور) جیسے دوستلرندن اوزاق (دوستوں سے دُور)۔

اول (پہلے) جیسے برآیدن اول (ایک ماہ پہلے)۔

اوترو یا اوتری (متعلق) جیسے بوندن اوترو (اس کے متعلق)۔

صکرہ (پیچھے یا بعد) جیسے گل ہندن صکرہ (میرے پیچھے آ)۔

بری (سے) جیسے ایکی آیدن بری (دو ماہ سے)۔

اوتہ (پرے) جیسے داغلردن اوتہ (پہاڑوں سے پرے)۔

ارا (درمیان) ارد (پیچھے) ایلری (پہلے) ایچ (میں)۔

ایچری (اندر) یر (بجائے) یان (پاس) طشرہ (باہر)۔

الت (نیچے) اوست (اوپر) اوک (پاس) جیسے ارا کزدہ (تم میں)، اردلرندہ گیندم (میں تمہاری تلاش میں گیا) ایلرہ گیت (پہلے جا) بن ایچندن صقدم (میں اس میں سے آیا) ایچروسندن (اس کے اندر سے) یرکزدہ (تمہاری جگہ) یانمہ بیودک (میرے پاس آؤ) اورک طشرہ سندہ

(گھر کے باہر سے) باش التندہ (سر کے نیچے) باشم اوستندہ (میرے سر کے اوپر) بو بنم اوکمہ قوی (اس کو میرے پاس رکھدو)۔

# فصل ۳۔ حروفِ عطف

دہ (بھی) جیسے اودہ گلدی (وہ بھی آیا)۔

انجق (مگر) جیسے گیدردم انجق گیدہ ملدم (میں گیا لیکن جا نہ سکا)۔

امدی (اب اسپر) جیسے امدی اکا دیدیلر (اب اس پر انہوں نے اس سے کہا)

ھا (خواہ) جیسے ھاگیتسم ھا (خواہ میں جاؤں خواہ نہ جاؤں)

# فصل ۴۔ حروفِ متفرق

ذیل میں تمام کثیر الاستعمال حروف زبان ترکی کے ترکی بول چال مرتبہ راقم سے درج کئے جاتے ہیں :-

| حرف | معنے یا مطلب | مثال ترکی و اردو |
|---|---|---|
| ا | برائے ندا | آبابام (اے میرے باپ)۔ |
| ر | برائے تمسخر | آچوجق (اے بچو لگڑے)۔ |
| ا | برائے تاکید | صفوت افندی گیدرا (صفوت آفندی ضرور جائیگا)۔ |
| البتہ | حرفِ تاکید | چالیشان جوجق البتہ آفرین آلیر (محنتی بچہ ضرور آفرین لیتا ہے)۔ |
| اگر | حرفِ شرط | اگر گیدرسہ (اگر جاوے)۔ |
| اک | حرفِ تفضیل (زیادہ) | اُنلرک اک کوچکی بودر (اُن میں سے سب سے چھوٹا وہ ہے) |

| حرف | معنے یا مطلب | مثالِ ترکی و اردو |
| --- | --- | --- |
| امّا | برائے توضیح | بن چالشدم اما علی افندی اوقومدی (میں نے کوشش کی لیکن علی آفندی نے نہ پڑھا)۔ |
| امان | برائے رجا | امان اوغلم اوقو (میرے بیٹے پڑھو)۔ |
| " | برائے اضطراب | امان افندم (امان! صاحب من)۔ |
| انجق | برائے حصر (فقط) | بو اشی انجق سن یاپہ بیلرسن (یہ کام فقط تم کر سکتے ہو؟)۔ |
| ایشتنہ | حرف اشارہ وتنبیہ | ایشتنہ خواجہ گلیور! دیکھو اُستاد آ رہا ہے!)۔ |
| ایمدی | برائے تفصیل (اب) | ایمدی فعل ایکی قسم در۔ (اب فعل دو قسم کا ہے)۔ |
| اَے | حرفِ ندا | اے چوجغم! (اے میرے بچے!)۔ |
| اوت | برائے تصدیق وتاکید (ہاں) | احمد آفندی گیتدیمی؟ (کیا احمد آفندی گیا؟)۔ اوت آفندم (ہاں صاحب)۔ |
| اوزرہ | بمعنے بر (اوپر) | طام اوزرہ (چھت پر)۔ |
| ایکن | برائے معنے حال (جبکہ) | زقاقدن گچرایکن (بازار سے گذرتے ہوئے) یعنی بازار سے گذر رہے تھے۔ اور کبھی بغرضِ اختصار ایکن کا کن رہ جاتا ہے۔ جیسے گیدرکن (جبکہ گذرا تھا)۔ |
| ایچون | حرفِ تعلیل (برائے) | آرتمق ایچون (زیادتی کے لئے) "بنم ایچون" (میرے لئے)۔ |
| اوہ | خوشی کا کلمہ | اوہ نقدر گوزل (یہ کتنا خوبصورت ہے)۔ |
| بناءعلیہ | بیانِ سبب | بناءعلیہ بن گیتمام (اِس لئے میں نہیں جاتا)۔ |

| حرف | معنے یا مطلب | مثالِ ترکی و اردو |
|---|---|---|
| پک | حرفِ مبالغہ (زیادہ) | پک ای دِر (بہت اچھا ہے)۔ |
| پکی | حرفِ تصدیق | کتابمی گوندر (میری کتاب بھیجو) "پکی آفندم" (بہت اچھا جناب) یہ "پک" بمعنے زیادہ اور "ای" بمعنے خوب سے بنگیا ہے)۔ |
| دن | حرفِ تفصیل (سے) | شمس قمردن بیوک دِر (آفتاب ماہتاب سے بڑا ہے) بال شکردن طاتلی دِر (شہد شکر سے میٹھا ہے)۔ |
| جہ | بغرضِ نسبت | فرانسیسی رُوسی عربی انگریزی کو ترکی میں فرانسزجہ روسجہ عربجہ انگلیزجہ کہتے ہیں۔ |
| افندم بشقه بر شی استرمی سکز ۔ | صاحب من کوئی اور چیز بھی آپ کو درکار ہے؟ |
| گوزل جانفس[1] ایله درلو درلو ایپکلم واردر ۔ | خوبصورت جانفس اور قسم قسم کے ریشمی کپڑے موجود ہیں ۔ |
| شمدیلک بر شی استمیورم بر قاچ گوندن صکره سزدن دها چوق شی لر آلرم ۔ | ابھی میں کوئی چیز نہیں چاہتا ۔ تھوڑے دن بعد تم سے بہت سی چیزیں لونگا ۔ |
| خدمتکزده یز ۔ | ہم تمہاری خدمت میں حاضر ہیں ۔ |
| حسابمز نه قدر ایدر ۔ | ہمارا حساب کس قدر ہوتا ہے ۔ |
| ایکی یوز غروش ایدر ۔ | دو سو غروش ہوتا ہے ۔ |
| اشته ایکی لیرا ۔ | یہ لو دو پونڈ ۔ |
| تشکر ایدرم افندم ۔ | صاحب من میں شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ |

[1] جانفس ایک قسم کا ریشم کا سادہ کپڑا ہے ۔

| | |
|---|---|
| دولت واقبال ایله۔ | دولت واقبال سے ساتھ رہو۔ |

## وقت

| | |
|---|---|
| وقتک تفصل حساب اولندیغنی بیلیرم۔ | مَیں جانتا ہوں کہ وقت کا حساب کس طرح ہوتا ہے۔ |
| یدی گون بر هفته در۔ | سات روز کا ایک ہفتہ ہے۔ |
| درت هفته ایله ایکی یاخود اوچ گون بر آئی ایدر۔ | چار ہفتہ اور دو یا تین دن کا ایک مہینہ بناتے ہیں۔ |
| اون ایکی آئی یاخود اوچ یوز التمش بش گون بر سنه ایدر۔ | بارہ ماہ یا تین سو پینسٹھ روز ایک سال بناتے ہیں۔ |
| بو اون ایکی آئی لری سنه شمسیه و مالیه اعتباریله شویله صائیلیر۔ | شمسی اور مالی سال کے اعتبار سے اِن بارہ ماہ کو اس طرح شمار کرتے ہیں۔ |
| مارت۔ نیسان۔ مائس۔ حزیران۔ تموز۔ اغستوس۔ ایلول۔ تشرین اول۔ تشرین ثانی۔ کانون اوّل۔ کانون ثانی۔ شباط۔ | مارچ۔ اپریل۔ مئی۔ جُون۔ جولائی۔ اگست۔ ستمبر۔ اکتوبر۔ نومبر۔ دسمبر۔ جنوری۔ فروری۔ |
| سنه قمریه ویا سنه هجریه آیلری دخی اون ایکیدر بونلرک اسم لری ده شونلردر۔ | قمری یا ہجری سنہ کے مہینے بھی بارہ ہی ہیں۔ اور اُن کے نام یہ ہیں۔ |
| محرّم۔ صفر۔ ربیع الاوّل۔ ربیع آخر۔ جمادی الاول۔ جمادی الآخره۔ | محرم۔ صفر۔ ربیع الاوّل۔ ربیع الثانی۔ جمادی الاول۔ جمادی الثانی۔ |
| رجب۔ شعبان۔ رمضان۔ شوال۔ | رجب۔ شعبان۔ رمضان۔ شوال۔ |

ذی القعدہ - ذی الحجہ -

رومی[1] ایلری سنہ میلاد یہ حساب ایلہ شویلہ
بلاد عثمانیہ دہ دائر درلر -
کانون ثانی - شباط - مارت - نیسان الخ
کانون ثانی نک ابتداسے خرستیان ملتلرک
ییل باشیسیدر -
عربی دہ سنہ باشی محرّم ابتداسی در -
بو آیک اوننده عاشورا پیشیریلیر -
ربیع الاولک اون ایکی سندن صکرہ
مولود شریف اوقونور -
رمضان اوتوز گون در
بو آی دہ مسلمانلر اوروج طوتارلر -
شوالک ابتداسندن اوچنجی گوننہ
قدر بایرام در -
عثمانلولر بوکا "رمضان بیرامی" دیدکلری
گبی "شکر بیرامی" دخی دینیر -
ذی الحجہ نک اونجی گونی قربانلر کسیلر -
درت گون بایرام ایدیلیر -
بوکا "قربان بایرامی" دیدکلری گبی "حاجی

ذی القعدہ - ذی الحجہ -

رومی مہینے سنہ عیسوی کے حساب کے
ساتھ اس طرح بلاد عثمانیہ میں مروج ہیں -
کانون ثانی - شباط - مارت - نیسان الخ
کانون ثانی کے ابتدا سے عیسائیوں کی قوم
کا سال شروع ہوتا ہے -
عربی میں سال محرم سے شروع ہوتا ہے -
اس ماہ کی دس تاریخ کو عاشورا پکاتے ہیں -
ربیع الاوّل کی بارہویں تاریخ کے بعد مولود
شریف پڑھا جاتا ہے -
ماہ رمضان تیس روز ہے -
اس ماہ میں مسلمان روزے رکھتے ہیں -
ابتدائے شوال سے تیسرے روز تک عید
ہوتی ہے -
ترک اسے "رمضان بیرام" اور "شکر بیرام" بھی
کہتے ہیں -
ذی الحجہ کے دسویں روز قربانیاں ذبح کرتے ہیں
عید (بڑی عید) چار روز مناتے ہیں -
اسے "قربان بیرام" کی طرح "حاجیوں کی عید" بھی

[1] رومی سے بلاد عثمانیہ میں عیسائیوں سے مراد ہوتی ہے - یونانی عیسائیوں کو رومی کہتے ہیں - شاید روم کبیر کی طرف اشارہ ہو کہ جہاں کے عیسائی پہلے اس ملک میں آباد تھے -

لربابرای "دخی دینیر۔
الی ایکی هفته یاخود اون ایکی ای
گچدیکی حالده سنه بیتر۔
یکی سنه باشلار۔
یوز سنه بر عصر در۔
بزم شمدیکی عصر مز هجرتک اون دردنجی
و میلادک یگرمنجی عصری در۔
بو عصر اولکی عصرلره نسبتله جمله سندن
منور عد اولنور۔
چونکه بو عصرده شایان انسانلر انوار
علوم و فنون ایله تنویر افکار ایتمکده
درلر۔
اویله ایسه بو منور عصره لایق منور
فکره مالک اولمق لازم در۔
جاهل آدملر صیره سندن آیرلمق
ایچون بنم دخی علوم و فنون
تحصیل ایتمکلگم و تربیه لی اولمقلغم
اقتضا ایدر۔
میلادی سنه نک ابتدا سنده کی آی
ایله صوکنده کی برائی ایک صوغوق
اولور۔ قار یاغار۔

کہتے ہیں۔
باون ہفتے یا بارہ مہینے گذرنے کے زمانہ
میں سال ختم ہو جاتا ہے۔
نیا سال شروع ہوتا ہے۔
سو سال کی ایک صدی ہوتی ہے۔
ہمارے زمانہ میں اب ہجری چودھویں
صدی اور عیسوی بیسویں صدی ہے۔
یہ صدی پہلے کی تمام صدیوں سے زیادہ
روشن شمار ہوتی ہے۔
چونکہ اس صدی کے رہنے والے آدمیوں
نے انوار علوم و فنون کے ساتھ تنویر
افکار کی ہے۔
اس لئے اس منور صدی کے لائق منور فکر کا
مالک ہونا لازم ہے۔
جاہل آدمیوں کی جماعت سے جدا ہونے
کے لئے مجھے بھی لازم ہے کہ علوم و
فنون تحصیل کروں اور تربیت حاصل
کروں۔
عیسوی سال کے پہلے اور آخری مہینوں
میں بڑی سردی ہوتی ہے اور برف
پڑتی ہے۔

| | |
|---|---|
| بعضاً صولر طوکار۔ | بعض اوقات پانی جم جاتے ہیں۔ |
| سنۂ شمسیہ نک بو موسمنہ قیش اسمی ویریلیر۔ | سنہ شمسی کے اس موسم کو شتا یعنے سرما کا نام دیا جاتا ہے۔ |
| شباط دن صکرہ گلن ایلردہ ھوا اوقدر صوغوق اولماز۔ | شباط (فروری) سے بعد آنے والی مہینوں میں موسم اس قدر سرد نہیں ہوتا۔ |
| بوزلر اریر۔ | برفیں پگھلتی ہیں۔ |
| یک نادر اولہ رق قار یاغار۔ | برف کا گرنا شاذ و نادر ہو جاتا ہے۔ |
| اغاجلرہ صو یورور۔ | درختوں کے لئے پانی آتا ہے۔ |
| دال لر یشیل یاپراق لر و چیچک لر ایلہ زینتلینر صیف موسمندہ قیرلانغچ گیند کلوی یر لردن دونرلر۔ | ڈالیوں کے سبز پتوں اور پھولوں کے ساتھ زینت ہو جاتی ہے۔ موسم تابستان میں ابابیلیں ان جگہوں کی طرف لوٹتی ہیں کہ جہاں سے گئے ہیں۔ |
| بنفشہ لر۔ لالہ لر۔ سنبل لر و سائر گوزل چیچک لر باغچہ لری تزئین ایدرلر۔ | بنفشہ۔ لالہ۔ سنبل اور تمام خوبصورت پھول باغات کو زینت دیتے ہیں۔ |
| سنہ نک بو گوزل موسمنہ ایلک بہار دیرلر۔ | سال کے اس خوبصورت موسم کو ربیع کہتے ہیں۔ |
| حزیران تموز اغسطوس ایلرندہ گونش باقار صیجاق یک قوتلی اولور انسان چوق ترلر۔ | جون جولائی اگست کے مہینوں میں آفتاب سامنے آتا ہے۔ گرمی بہت سخت ہوتی ہے اور آدمی کو بہت پسینہ آتا ہے۔ |
| فرنک اوزومی کواس اورمود۔ الما | فرنگی انگور۔ چیری۔ امرود۔ سیب |

| | |
|---|---|
| چیلک ـ شفتالو ـ زرد آلو ـ اریک | اسٹرابری ـ شفتالو ـ زرد آلو ـ آلوچہ |
| ایوا ـ وا و زوم گبی میوہ لر | بہی اور انگور جیسے میوجات گرمی کی |
| صیجاغک تاثیریلہ یتیشیر ـ | تاثیر سے پک جاتے ہیں ـ |
| ایلول تشرین اول تشرین ثانی ایلرندہ | ستمبر اکتوبر و نومبر کے مہینوں میں باغات |
| باغچہ لرک تارلالرک میوہ | اور کھیتوں کے پیداوار اور میوجات |
| لرینی و محصول لرینی طوپلارلر ـ | جمع کئے جاتے ہیں |
| تموز و اغسطوس ایلرندہ چفتجی اکینی بیچر ـ | جولائی و اگست کے مہینوں میں کسان کھیت کاٹتے ہیں |
| دمت باغلار ـ | گٹھے باندھتے ہیں ـ |
| خرمن یاپوب دوکر ـ | خرمن بنا کر کوٹتے ہیں ـ |
| بو وجہ ایلہ بغدای صمان دن | اس ذریعہ سے گیہوں بھوسہ سے الگ کر کے |
| آیریوب چوالدوللرہ پر ـ | تھیلے بھرتے ہیں ـ |
| دگرمنہ گوتوروب اوگوتدیریر ـ | خراس کولیجاتے ہیں اور پیستے ہیں ـ |
| اوگوتدیرہ رک بغدای اون یاپار ـ | گیہوں کو پیسکر آٹا بناتے ہیں ـ |
| اشتہ بن یگمز اتنک دہ بودر لو خمیر ـ | یہ ہے ہمارے کھانے کی روٹی ـ قسم قسم کے |
| ایشلری بو اون ایلہ یاپیلیر ـ | پکوان روٹیاں اس آٹے سے بنائی جاتی ہیں |
| اکینی بیچدلکدن صکرہ باغ بوزمہ | کھیتی کاٹنے کے بعد باغ توڑنے کا |
| زمانی گلیر ـ | زمانہ آتا ہے ـ |
| بوندہ دخی باغلرک اوزوملری | اسی زمانہ میں باغوں کے انگور توڑے |
| دوشیریلیر | جاتے ہیں |
| اوزوملر صیقیلدقدن انلردن ... | انگوروں کو نچوڑنے سے ان سے جو پانی نکلتا ہے |

صودن دبس[۵۱]۔ ناردنگ[۵۲] و رچل[۵۳] گبی
شیلر یاپیلیر۔

اس سے دبس ناردنگ اور رچل جیسی
اشیا بنائی جاتی ہیں۔

کندی باغنگ میوہ سندن تارلاسنگ
محصولندن کندی سنہ لازم اولان
مقداری قلاملیدر۔

اپنے باغ کے میوہ اور اپنی کھیتی کے پیداوار
سے اپنے لئے جس قدر درکار ہو حصّہ
بچا رکھ۔

فضلہ سنی شہرہ گتوروب صاتار۔
سنہ نگ بو موسمنہ دہ "صوک بہار"
یاخود "کوز" دیرلو۔

جو باقی بچے اُسے شہر کو لیجا کر فروخت کر دے
سال کے اس موسم کو خریف یا آخر ربیع کہتے
ہیں۔

دیمک اولیور کہ سنہ دہ درت موسم وار۔
ایلک بہار۔ یاز۔ صوک بہار۔ قیش۔
موسمہ فصل دینلدی گی گبی درت موسمہ
دہ فصول اربعہ دیرلو۔

پس (معلوم ہوتا ہے کہ) سال میں چار موسم ہیں
ربیع۔ صیف۔ خریف۔ شتا۔
جس طرح موسم کو فصل کہتے ہیں اس طرح چاروں
موسموں کو "فصول اربعہ" کہتے ہیں۔

# فکر و شکر

رفیق لرمدن بریسنگ پدری وفات
ایتمش یالگز بر والدہ سی قالمش۔

میرے رفیقوں میں سے ایک کا باپ مر گیا۔ اور
صرف اُس کی ماں رہ گئی ہے۔

برلشقہ ارقداشمگ دہ نہ اناسی وار
نہ دہ باباسی۔

میرے ایک دوسرے رفیق کی بھی نہ ماں ہے
اور نہ باپ۔

زواللی یتیم اوکسز قالمش۔

بیچارہ یتیم اور لاوارث (یتیم) رہ گیا ہے۔

---

[۵۱] دبس انگور کے رس سے ایک غلیظ سا شیرہ بنایا جاتا ہے۔ [۵۲] ناردنگ ایک تیز قسم کا شیرہ ہے جو کسی میوہ مثل انگور سیب بلم یا اُند کے شیرہ سے بنایا جاتا ہے۔ [۵۳] ایک قسم کا میوجات کا مربہ شیرہ شکر وغیرہ میں۔

| | |
|---|---|
| نه بیوک مصیبت! یارب والده مه پدر مه اوزون عمرلر ویر۔ | کتنی بھاری مصیبت ہی! یارب میری ماں اور باپ کو لمبی عمریں دے۔ |
| بنده ارقداشلرم گبی بر حاله اوغرامیم | مَیں اپنے رفیقوں کی طرح کسی حال میں نہ پھسوں |
| الله چوق شکر ایدییورم۔ | مَیں خدا کا بہت بہت شکر کرتا ہوں۔ |
| گوزل بر اویمز اویمزده هر شی وار | ہمارا ایک بہت خوبصورت گھر ہی اور ہماری گھر میں سب چیزیں ہیں |
| کندی خانه سی اولمیوب ده بشقه سنک اونده کرا ایله اوتوران ادم۔ او خانه لی کندی مالی گبی اعتبار ایدر۔ | جس شخص کا اپنا گھر نہیں ہی دوسری کے گھر میں کرایہ پر ٹھہرنے والا آدمی بھی اُس گھر کو اپنے مال کی طرح اعتبار کرتا ہے۔ |
| انسان لغه یاقیشان بودر۔ | انسان کو لائق یہ ہے۔ |
| بر خانه حفظ صحت قاعده سنه موافق اولمق ایچون اوطه لری گنش و رطوبتسز و آیدنلق اولملیدر۔ | ایک گھر کے حفظ صحت کے قاعدہ کے موافق ہونے کے لئے اس کے کمرے وسیع اور بلا رطوبت اور روشن ہونے چاہیے۔ |

# انسان و حیوان میں فرق

| | |
|---|---|
| انسانک سائر حیوانلردن فرقی سوز سویلمک و اوقویوب یازمق ایله در | انسان کا تمام حیوانات سے فرق بات کرنے اور لکھنے پڑھنے کا ہے۔ |
| انسان یارادلیشجه سائر حیوانلردن چوق فرقلی در۔ | انسان میں بلحاظ خلقت کے تمام حیوانات سے بہت فرق ہے۔ |
| سائر حیوانلرده ده حس وار در۔ | سب حیوانات میں بھی حس ہے۔ |

مثلا کوپک افندیسنی گوردیگی گبی طانیر۔

سوینوب قویروغنی صاللامغہ باشلار۔
لیکن بوحسی سوزایلہ بیان ایدہ مز۔
بن ایسہ سوز سویلدیگم ایچون فکرمی
حالمی براٰدمہ لسانم لہ اکلادہ
بیلیرم۔
فقط بیچارہ کوپک وسائر حیوانلر نطق
دن محروم اولدقلرندن حاللرینی
بنم گبی افادہ ایدہ مزلر۔
بن بوتم طوغری اولدیغی حالدہ یوریرم۔
باشمی دہ ہر طرفہ چویرہ بیلدیگم گبی
گوکہ طوغری دہ قالدیرہ بیلیرم۔
فقط حیوانلر اویلہ یاپہ مزلر۔
بونلرہ حواس خمسہ ظاہرہ دیرلر۔
انسانک گورمک ایشتمک قوقلامق
برشیئک طادینی المق الی وسائر
اعضائے بدنلہ برشئک تفصل
اولدیغنی طویمق حسلری وارکہ
گوزگوروز۔
بن ایاقلرمله یوریمه بیلدیگمی۔ گوزلرمله

مثلاً کتا جب اپنے مالک کو دیکھتا ہے
تو اُسے پہچانتا ہے۔
خوش ہوکر اپنی دُم ہلانا شروع کرتا ہے۔
لیکن یہ اِس حس کو بات کے ساتھ بیان نہیں کرسکتا۔
مَیں چونکہ بات کرسکتا ہوں دُوسرے آدمی
کو اپنا فکر اور حال زبان کے ساتھ
سمجھا سکتا ہُوں۔
فقط بیچارہ کتّا اور تمام حیوانات بولنے
سے محروم ہونے کی وجہ سے میری
طرح بیان نہیں کرسکتے۔
جبکہ مَیں چلتا ہوں تو میرا قد سیدھا ہوتا ہے
میں جس طرح اپنے سر کو ہر طرف پھیر سکتا ہوں
ایسے ہی سیدھا آسمان کی طرف کرسکتا
ہوں۔ لیکن حیوان اس طرح نہیں کرسکتے۔
ان کو حواس خمسہ ظاہرہ کہتے ہیں۔
انسان کو دیکھنے۔ سننے۔ سونگھنے۔
چکھنے اور ہاتھ یا تمام اعضائے
بدن کے ساتھ کسی شئے کے چھونے
کے حس ہیں۔
آنکھیں دیکھتی ہیں۔
مَیں یہ جانتا ہوں کہ اپنے پاؤں کے ساتھ

گوزہ بیلدیگمی ۔ قولاقلرملہ ایشیدہ
بیلدیگمی ۔ ویلملہ طاتدیغمی ۔ اغزملہ
بیہ بیلدیگمی ۔ بورنملہ قوقوالہ بیلدیگمی
بیلیرم ۔

انجق حیوان لوبیلمز ۔
وھر شیٔ سوق طبیعتلہ بیلمیہ رک اجرا
ایدرلو ۔

چل سکتا ہوں ۔ اپنی آنکھوں سے دیکھ
سکتا ہوں ۔ اپنے کانوں سے سن
سکتا ہوں ۔ زبان سے چکھ سکتا ہوں ۔
اپنے منہہ سے کھا سکتا ہوں ۔ اور
اپنے ناک سے سونگھ سکتا ہوں ۔
فقط حیوان نہیں جانتے ۔
ہر چیز کو طبیعت کی ترغیب سے بلا جاننے
کے کرتے ہیں ۔

# نباتات

تازہ نباتاتی پک سودم ۔
رنگ لری بیچم لری خوشمہ گیدہ ۔
طانیدیغم نباتات چوقدر ۔
بونلردن فصولیہ یی ۔ لاحنہ یی ۔ ھاوو جی
خیاری ۔ ملیدانوسی ۔ شلغمی ۔ و
بامیہ یی طانیرم ۔
بغدائی ۔ اربہ ۔ یولاف ۔ یر الماسی ۔
مصر بغدائی تارلالردہ اولور ۔
بونلری دہ پک گوزل طانیرم ۔
بونلردن اجملئی ایلہ مصر بغدائی پک
ائی طانیرم

تازہ نباتات کو نہایت محبت کرتا ہوں ۔
اُن کے رنگ اور شکلیں مجھ اچھی لگتی ہیں ۔
میری جانی ہوئی نباتات بہت ہیں ۔
ان میں سے میں سیم ۔ گوبھی ۔ گاجر ۔ کھیرے
پارسلی یعنے جو اُن خراسانی ۔ شلغم ۔
اور بھنڈی پہچانتا ہوں ۔
کھیتوں میں گیہوں ۔ جو ۔ جئی ۔ شکرقند ۔ مکی
ہوتے ہیں ۔
ان کو بھی میں بہت اچھی طرح پہچانتا ہوں ۔
ان میں سے گیہوں اور مکی کو اچھی طرح
پہچانتا ہوں ۔

بلغچه لرده یتیشن اُرمود۔ الما۔ اریک۔ کراس۔ شفتالو۔ جوز۔ فندق۔ انجیر۔ پورتقال گبی یمشلرک۔ اولمشلری اُز فائده لیدر۔

باغچوں میں ہونے والے (میوجات) مثل امرود۔ سیب۔ آلوچہ۔ چیری (جسے کشمیر میں گلاس کہتے ہیں) آڑو۔ اخروٹ فندق۔ انجیر۔ پورتگالی۔ سنگترہ۔ یالیموں سے جب تھوڑے سے کھائے جائیں تو فائدہ مند ہوتے ہیں۔

خام وچوروک میوه لر یمشلر ضررلی در۔

کچے اور سڑے ہوئے میوے ضرر رساں ہوتے ہیں۔

اویله یمشلری یمه ملیدر۔

ایسے میوجات کو نہ کھانا چاہیئے۔

سوز دیگله میوب خام وچوروک یمشلری ییین چوجقلر خسته اولورلر۔

جو بچے بات نہیں سنتے اور کچے سڑے میوے کھاتے ہیں۔ وہ بیمار پڑجاتے ہیں۔

اغاجلر بزم ایچون گوزل گوزل یمشلر ویردکلری گبی بهار موسمنده تازه چیچک لریله یشیل یاپراق لریله گوزلرمزی خوشلاندیریر وگوکللرمزی صفالندیریر۔

درخت ہمارے لئے اچھی اچھی کھانے کی چیزیں دینے کی طرح موسم بہار میں تازہ پھولوں اور سبز پتوں کے ذریعہ سے ہماری آنکھوں کو خوش کرتے ہیں۔ اور ہمارے دلوں کو بھاتے ہیں۔

یازگون لرنده ده لطیف گولگه لریله بزی گونشک صیجاغندن قورتارورلر۔

موسم گرما میں اپنے لطیف سایوں کے ساتھ ہمیں آفتاب کی گرمی سے بچاتی ہیں۔

# جغرافیۂ عالم

جغرافیانہ دیرلر؟

جغرافیا یریوزی نیک احوالنی بیلدیرن علمہ دیرلر۔

کرۂ ارضنک قاچ نوع حرکتی واردر؟

کرۂ ارضک ایکی نوع حرکتی واردر۔ بری کندی محوری اوزرندہ غربدن شرقہ ۲۴ ساعت دہ۔ دیگری محرکی اوزرندہ گونشک اطرافندہ (۳۶۵) گون التی ساعت دہ یقین برمدت دہ حرکتی بتورر۔

اولکنہ حرکت یومیہ صکرہ کنہ حرکت سنویہ دیبورر۔

ارض یوارلاق اولدیغندن حرکت یومیہ سی اثناسندہ یارسیی گونشدن ضیا الہ بیلور یارسیی الہرمز۔ ایشتہ بوندن گیجہ وگوندوز دیدیکمز زمانلر۔

ارضنگ قرہ قسمی قاچ پارچہ یہ یعنی قاچ قطعہ یہ بولونمشلر۔

جغرافیہ کسے کہتے ہیں؟

رُوئے زمین کے حالات بتلانے والے علم کو جغرافیہ کہتے ہیں۔

کرۂ ارض کی کتنی قسم کی حرکت ہوتی ہے؟

کرۂ ارض کی دو نوع کی حرکتیں ہیں۔ ایک اپنے محور پر غرب سے شرق کو ۲۴ گھنٹہ میں۔ دوسری حرکت کرۂ راستہ پر اور آفتاب کے اطراف میں ۳۶۵ دن ۶ گھنٹہ کی قریب مدت میں حرکت ختم کرتا ہے۔

پہلی حرکت کو روزانہ اور آخری کو حرکت سالانہ کہتے ہیں۔

زمین گول ہونیکی وجہ سے روزانہ حرکت کے اثنا میں آدھی سورج سے روشنی حاصل کرتی ہے اور آدھی نہیں کرسکتی الغرض اسی سے وہ وقت جنہیں ہم شب و روز کہتے ہیں پیدا ہوتے ہیں)۔

زمین کی خشکی کا حصہ کتنے ٹکڑوں یا قطعوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

بش قطعه یه بولونمشدر- اوروپا- آسیا-
افریقا- امریقا- اوقیانوسیا (جزائر
بحر محیط دخی دینور) قطعه لریدر-
ارضک صو قسمی قاچه ایرلمشدر؟
ارضک صو قسمی قره لر گبی بش بحر محیط
آیرلمشدر بحر محیط اطلاسی-
بحر محیط کبیر- بحر محیط هندی-
بحر منجمد شمالی- بحر منجمد جنوبی
هر طرفی صو ایله چوریلوب قطعه دن
کوچوک اولان قره لره ترکجه
"اطه" دیرلر-
بر برینه یقین اولان برقاچ اطه یه "طاقم
اطه" دیرلر-
یالکز بر طرفی قره یه بیتشک بشقه طرفلری
صو ایله چوریلمش قره یه "یارم اطه"
دیرلر-
دکزه طوغری چیقان قره یه "بورون" دیرلر-
صو سز و اوت سز اولان دوز قره یه
"چول" دیرلر- چوللرده انسان-
حیوان یشایه مز
صولاق و اوتلاق اولوب انسان و حیوانات

پانچ قطعوں میں تقسیم ہے- یوروپ- ایشیا-
افریقہ- امریکا- اوقیانوس (جزائر
بحر محیط بھی کہتے ہیں) قطع ہیں-
زمین کے بحری حصّے کتنے ہیں؟
زمین کے خشکی کے حصّوں کی طرح پانی
کے بڑے حصّے بھی پانچ تک پہنچتے
ہیں- بحر اطلانطک- بحر الکاہل- بحر
ہند- بحر منجمد شمالی- بحر منجمد جنوبی-
ہر طرف پانی سے گھرے ہوئے قطعوں میں
سے چھوٹے خشکی کے حصّوں کو ترکی
میں (اطہ) جزیرہ کہا جاتا ہے-
ایک دوسرے سے قریب ہونے والے
کئی جزیروں کو مجمع الجزائر کہتے ہیں-
ایک طرف خشکی سے ملی ہوئی دوسری طرف
پانی سے گھرے ہوئے خشکی کو شبہ
جزیرہ یا جزیرہ نما کہتے ہیں-
سمندر میں سیدھی نکل جانے والی خشکی کو راس کہتے ہیں-
بے آب اور بے گیاہ ہموار زمین کو بیابان کہتے
ہیں- بیابانوں میں انسان اور حیوان
زندہ نہیں رہتے-
پانی اور گھاس والی ہموار زمینوں کو جن میں

یشایه بیلان دوزقره لره عربجه "واح"
وهندیجه نخلستان دیرلر۔

قره نک اوستنده یوکسلوب قبارمش
اولان یره طاغ دیرلر۔ طاغلرک
اوستنده بولنان دوزیرلره یایلا
دیرلر۔

بنه سندن دومان واتش چیقان
طاغلره "ینار طاغ" دیرلر۔

ایکی طاغک اتکلری اره سنده کی اوزون
چقورلره "وادی" دیرلر۔ طاغلرک
صیق واغاجلق یرلرینه اورمان
دیرلر۔

ارضک درتده اوچ قسمنی قاپلامش
اولان طوزلی صویه دکز دیرلر۔

بریا برقاچ قطعه نک اطرافنی قاپلایان
بیوک صولره ترکجه طیش دکز۔
عربجه بحر محیط یاخود اوقیانوس
دیرلر۔

دکزلرک قره یه طوغری صوقیلوب
گیروکی یرلره کورفز دیرلر۔

بربرینه یقین ایکی قره اره سنده اولوب

انسان اور حیوان رہ سکتے ہیں۔ عربی میں
"واح" اور ہندی میں نخلستان کہتے ہیں۔

خشکی کے اوپر بلند ابھری ہوئی زمین کو پہاڑ
کہتے ہیں۔ پہاڑوں کے اوپر جو ہموار
زمین پائی جائے اسے سطح مرتفع کہتے
ہیں۔

چوٹی سے دھواں اور آگ نکلنے والے پہاڑوں کو
کوہ آتش فشاں کہتے ہیں۔

دو پہاڑوں کے درمیان کی لمبی گہری زمین
کو وادی کہتے ہیں۔ پہاڑوں کی
گھنی اور درختوں والی زمینوں کو
جنگل کہتے ہیں۔

کرہ زمین کے چار میں سے تین حصوں کو ڈھانکنے
والے نمکین پانی کو بحر یعنی سمندر کہتے ہیں۔

ایک یا چند قطعات خشکی کے اطراف کو ڈھانکنے
والے بڑے پانیوں کو ترکی میں طیش
دکز (بیرونی سمندر) اور عربی میں بحر محیط
یا اوقیانوس کہتے ہیں۔

سمندروں کی خشکی میں سیدھی گھس کر داخل
ہوئی ہوئی زمین کو خلیج کہتے ہیں۔

ایک دوسرے سے متصل دو خشکیوں کی

ایکی دکزی بربرینه بتشدیرن طار صولره بوغاز دیرلر۔

درمیان میں سے گذرنے والے ایسے تنگ پانی کو جو کہ دو سمندروں کو باہم ملادے بوغاز (آبنا) کہتے ہیں۔

هر طرفی قره ایله چوریلان درین وطورغون صولره "کول" دیرلر۔

ہر طرف خشکی سے گھرا ہوا اور استادہ قطعہ آب جھیل کہلاتا ہے۔

کول صولرینک بعضی طاتلی وبعضیسی آجی اولور۔

جھیلوں کے پانیوں سے بعضے میٹھے اور بعضے کڑوے ہوتے ہیں۔

اکثریا طاغ صرت لرنده واتک لرنده یر التندن چیقان صولره پیکار دیرلر۔

اکثر پہاڑوں کے پشتوں اور دامنوں میں زمین کے نیچے سے نکلنے والے پانی کو چشمہ کہتے ہیں۔

نهر ایرمق وچای گبی صولرک چیقدقلری یره "منبع"، وگچدکلری یره "مجری"، دکزه یاخود بربرینه قارشدقلری یره "منصب" ویا "ملتقی" دیرلر۔

نہر دریا اور ندی جیسے پانیوں کے نکلنے کی زمین کو منبع۔ گذرنے کی زمینوں (رخساروں) کو مجری۔ سمندر یا ایک دوسرے سے مل جانے کی جگہ کو "منصب" یا "ملتقی" کہتے ہیں۔

اوروپا قطعه سی بشقه قطعه لرندن کچوک در۔ لاکن هواسی گوزل وطوپراغی برکتلی در۔ علم و معرفتی وصنعت وتجارتی هپسندن زیاده در۔ اهالیسی ۳۵۸ ملیون اولوب۔ سکز

براعظم یوروپ دیگر براعظموں سے چھوٹا لیکن موسم خوبصورت اور مٹی زرخیز ہے۔ اس میں علم و معرفت وصنعت وتجارت سب سے زیادہ ہے۔ باشندے پینتیس کروڑ اسّی لاکھ ہیں جنہیں سے نوّے لاکھ مسلمان باقی غیر مسلم ہیں۔

ملیونی مسلم - اوبرلری غیر مسلم در- بتون اهالی سنگ رنگ لری بیاض در-

اروپائے عثمانی یا خود روم ایلی شاهانه اهالیسی ترک- بوشناق- بلغار صرب روماں- ارمنی- روم- یهودی جنس لرینه منسوب در- مجموع اهالینک درت ملیون قدرے مسلم باقی سی غیر مسلم در-

دولت علیه عثمانیه نک پائے تخت سلطنت و خلافتی استانبول شهرے در- شهرمذکورک موقعی وهواسی و لیمانی پک گوزل در-

دولت علیه عثمانیه نک آوروپا- آسیا- افریقا قطعه لرنده مملکتری وار در- هپسنه بردن ممالک محروسه شاهانه دنیلور- اوروپانک جنوبیا شرقی سمتنده بولنان مملکته اروپائے عثمانی آسیانک غرب طرفنده بولنان

اس کے تمام باشندوں کے رنگ سفید ہیں-

یورپین ٹرکی یا روم ایلی شاہانہ کے باشندے ترک- بوسینین- بلگیرین- سرویَن- رومن- ارمنی- یونانی اور یہودی اقوام سے ہیں- سب باشندوں میں سے چالیس لاکھ مسلم باقی غیر مسلم ہیں-

دولت عثمانیہ کا پایۂ تخت سلطنت و خلافت شہر استنبول (قسطنطنیہ) ہے- اس شہر کا مقام وقوع موسم اور بندرگاہ نہایت خوبصورت ہیں-

دولت علیہ عثمانیہ کی برّ اعظم ہائے یوروپ ایشیا و افریقہ میں مقبوضات ہیں- یہ سب ممالک محروسہ شاہانہ کہلاتے ہیں- یوروپ کے جنوب مشرق میں واقع مملکت کو یوروپ عثمانی- ایشیا کے مغرب کی طرف واقع مملکت کو ایشیائے عثمانی- افریقا کے شمال میں واقع

مملکتنه آسیائے عثمانی۔ افریقا نک شمالنده بولنان مملکتنه افریقائے عثمانی دیرلر۔

مملکت کو افریقائے عثمانی کہتے ہیں۔

بتون ممالک شاهانه نفوسی اوتوز آلتی ملیونی متجاوزدر۔

تمام ممالکِ عثمانیہ کی آبادی چھتیس ملین سے زائد ہیں۔

اسپانیا مملکتی (۸۹۰) سنهٔ هجریه سندن اول برچوق زمانلر اسلام عرب لرک الندہ ایدی۔

سلطنت ہسپانیہ ۸۹۰ھ ہجری سے اوّل بہت مدّت تک عرب مسلمانوں کے ہاتھ میں تھی۔

فرانسه نک مستملکاتنده برچوق اهل اسلام مسکوندر۔

مقبوضات فرانس میں بہت سے مسلمان آباد ہیں۔

انگلتره نک آسیا افریقا اوقیانوسیه قطعه لرنده بولنان مستملکاتنده ملیونلرله اسلام مسکوندر۔

انگلستان کے ایشیا افریقہ اور اوشینیا کے مقبوضات میں کئی ملین مسلمان رہتے ہیں۔

پای تختی بیوک بریطانیه آطه سنده و تامیس نهری اوزرنده مبنی غایت غلبه لق تجارت صنعتیله مشهور لوندره شهری در۔

اس کا پایہ تخت برطانیہ اعظم کے جزیرہ میں اور دریائے ٹیمس پر واقع ہونے کی وجہ سے اپنی بڑی تجارت اور صنعت کے لئے مشہور شہر لنڈن ہے۔

روسیانک عموماً نفوسی طقسان آلتی ملیونه یقیندر آسیاده کی مستملکاتنده اون آلتی ملیون قدر اهالیسی واردر

روس کی تمام آبادی چھیانوے ملین کے قریب ہے۔ اس کی مقبوضات ایشیائی میں سولہ ملین باشندے آباد ہیں۔

آسیائے عثمانی اهالیسی تقریباً اُن سکز
ملیون اولوب بونلرک چوغی مسلم
و بر آزی غیر مسلم در۔

ایشیائے عثمانی کے باشندے اٹھارہ ملین ہیں
ان میں سے بہت سے مسلمان اور
تھوڑے غیر مسلم ہیں۔

بجماهیر متفقه آمریقا (۴۴) قدر جمهوری
نک اتحادندن وجوده گلمش
بیوک برحکومت در۔ نفوسی
۶۲ ملیون قدر واردر۔ بو حکومت
۱۷۷۶ میلادیه سنده واشینقتون
نام کمسه نک تشویق و غیرتیله
تاسیس اولنمشدر۔

سلطنت اضلاع متحد امریکہ چالیس جمہوری
اضلاع کے اتحاد سے وجود میں آئی
ایک بڑی حکومت ہے۔ ۶۲ ملین
آبادی ہے۔ یہ حکومت ۱۷۷۶ء میں
ایک شخص واشنگٹن کی تشویق اور
غیرت کی وجہ سے قائم ہوئی۔

## نصیحتین

مرحمتلی اولان آدم سفیللره کیمسه
سزلره یاردیم ایدر۔

رحم کرنے والا آدمی مسکینوں اور یتیموں کی
مدد کرتا ہے۔

عنادجی اولان آدم کندی بیلدیکینه
گیدر دائما کندی دیدیکینک
اولماسنی ایستر۔ غوغانی گورولتی
یی سون آدم هیچ بر کمسه ایله
گچینه مز۔

ضدی آدمی اپنی رائے پر چلتا ہے۔
ہمیشہ اپنے کہے کا پورا ہونا چاہتا ہے
جھگڑے بکھیڑے کو پسند کرنیوالا انسان
کسی کے ساتھ بسر نہیں کرسکتا۔

کیندی حالنده اولان ادم هیچ برکیمسه
ایله غوغا گورولتی ایتمک ایسته مز

اپنے حال میں رہنے والا آدمی نہیں چاہتا
کہ کسی سے جھگڑا کرے یا شور مچائے۔

انسانیت سز آدم کیمسہ یہ آیلک ایتمک ایستہ مز۔

انسان جاهل اولمامق ایچون تحصیل معلومات ایتمگہ چالشملیدر۔

هرکس و باخصوص خستہ اولان آدم ییہ جگ ایچہ جگہ پک زیادہ دقت ایتملیدر

چالشمق ایستہ مہ ین آدم یاشامغہ لائق دگلدر۔

اناسنہ باباسنہ اطاعت ایتمہ ین چوجق تغریرہ تکدیرہ جزایہ لائقدر

کندیسنہ وبریلن گوزل نصیحتارہ قولاق ویرمہ ین آدم صوکندہ پیشمان اولور

انسان تمیزلگہ دقت ایتملیدر اوستی باشی تمیز اولمیان آدمدن هرکس استکراه ایدر۔

هر شئی اوگرنمک استہ ین کمال دقتلہ چالشملیدرکہ آرزوسنہ نائل اولہ بیلسون۔

راحت اویقو اویومق ایستہ ین آدم گوندوزلری برایشلہ اوغراشملی لزومندن زیادہ ییوب ایچمملیدر

اِنسانیت سے خالی آدمی کسی کے ساتھ بھلائی کرنا نہیں چاہتا۔

اس لئے کہ جاہل نہ رہے۔ اِنسان کو چاہیئے کہ تحصیلِ معلومات میں کوشش کرے۔

ہر شخص اور خصوصًا بیمار آدمی کو کھانے اور پینے میں بہت زیادہ احتیاط کرنی لازم ہے۔

جو شخص محنت نہیں کرنا چاہتا جینے کے لائق نہیں۔

ماں باپ کی اطاعت نہ کرنے والا بچّہ سزا خفگی اور بدلہ کے لائق ہے۔

جس شخص کو عمدہ نصیحت دیجائے اور وہ اُس پر کان نہ دھرے اخیر میں پریشان ہوتا ہے

انسان کو اپنی صفائی میں توجہ کرنی چاہیئے۔

جو شخص جو کپڑے یا جسم کے لحاظ سے صفا نہیں ہوتے ہر شخص اُن سے کراہیت کرتا ہے

کسی شئی کے سیکھنا چاہنے والے شخص کو نہائت درجہ کی محنت کرنا چاہیئے۔ تاکہ اپنی مراد کو حاصل کر سکے۔

جو شخص آرام کی نیند چاہتا ہے چاہیئے کہ دن کو کسی کام میں مشغول رہے اور ضرورت سے زیادہ نہ کھائے اور نہ پیئے۔

کندینی هر کسه سودیرمک ایسته ین
آدم هر کسه حرمت و رعایت ایتملی
عاقل و اطاعت لی اولملی برده
هیچ یالان سویله مملیدر۔
انسان وقتله چالیشمادقچه برشی اوگره
نه مز۔
البسه سنک چوق وقت طایانماسنی
ایسته ین اوستنی تمیز طوتملیدر

جو شخص چاہتا ہے کہ ہر شخص اُس سے محبت
کرے اُسکو ہر شخص کی عزت اور رعایت
کرنی چاہیئے اور عقلمند و مطیع ہونا چاہیئے
اور ایک یہ کہ جھوٹ کبھی نہیں بولنا چاہیئے
جب انسان وقت کے ساتھ محنت نہ کرے تو
کچھ سیکھ نہیں سکتا۔
جو اپنے کپڑوں کو دیر تک پہننا چاہے اُسے
اپنا جسم صاف و پاک رکھنا چاہیئے۔

## تُرکی ضرب المثلین

دلنی ضبط ایدن۔ باشنی قورتارر۔
اِرکن گلانک۔ ایشی آسان بتر۔
گیجہ قالانک۔ ایشی ترس گیدر۔
دوست بیک ایسہ آزدر۔ دشمن بر ایسہ
چوقدر۔
گل دکنسز اولمز۔ و ضعفا رحمتسز بولنمز۔
دوستلق قطار ایله۔ آلش ویرش
مثقال ایله۔
حیوان اولور سمری قالور
آدم اولور آدی قالور۔
چوق یاشان از بیلور۔ چوق گزن چوق بیلور۔

زبان کا ضبط کرنیوالا اپنے سر کو خلاصی دیتا ہے
سویرے آنیوالے کا کام سہل ختم ہوتا ہے۔
پیچھے رہجانیوالے کا کام رُک جاتا ہے۔
دوست ہزار بھی کم ہیں۔ اور دشمن ایک
بھی بہت ہے۔
پھول بے کانٹے کے نہیں ہوتا اور آرام بے تکلیف کے نہیں ملتا۔
دوستی دھڑوں کے ساتھ لین دین ماشوں
کے ساتھ۔
گدھا مرتا ہے تو زین چھوڑ جاتا ہے۔
آدمی مرتا ہے تو نام چھوڑ جاتا ہے۔
زیادہ عمر والے کم جانتے ہیں۔ زیادہ پھرنیوالے زیادہ جانتے ہیں

| | |
|---|---|
| عقللو دشمن عقلسز دوستدن ایودر۔ | عقلمند دشمن بے عقل دوست سے اچھا ہے۔ |
| یورغانکہ گورہ ۔ ایاغکی اوزات۔ | بقدر اپنے لحاف کے پاؤں پھیلاؤ۔ |
| کسمدیگک الی اوپ۔ | جس ہاتھ کو تو کاٹ نہیں سکتا اُسے بوسہ دے۔ |
| نہ اکرسک۔ انی بچرسن۔ | جو بوؤگے وُہی کاٹوگے۔ |
| کوچک طاش باشی یارر۔ | چھوٹا پتھر سر کو زخمی کرتا ہے۔ |
| یشقہ لرہ حضرایتدیگی خندقہ دوشدی۔ | جس نے دوسروں کے لئے گڑھا کھودا خود خندق میں گرا۔ |
| روزگارہ توکران۔ یوزنہ توکرر۔ | ہوا میں تھوکنے والا اپنے منہ پر تھوکتا ہے۔ |
| تیزگیدن تیز یورلور۔ | جلدی چلنے والے جلدی تھکتے ہیں۔ |
| کندوندن دوشن اغلامز۔ | جو خود گرتا ہے نہیں روتا۔ |
| اودہ کی بازارلق چارشودہ کی بازارلغہ اویمز۔ | گھر کا سودا بازار کے سودا کے حساب پر نہیں ہوتا۔ |
| ایو آدم بازار یاپر۔ بارامز آدم بازار بوزر۔ | اچھا آدمی گانٹھتا ہے۔ بُرا آدمی توڑتا ہے۔ |
| ایکی رئیس بر گمی باتررلر۔ | دو ناخدا ایک کشتی کو غرق کر دیتے ہیں۔ |
| مالمز یوغیسہ۔ عرضمز اولسون۔ | گو مال میرے پاس نہیں۔ عزت میری ہونی چاہئے۔ |
| سرچہ دن قورقن داری الکمسون۔ | چڑیوں سے ڈرنے والا جوار نہ بوئے۔ |
| بال بال دیمکلہ اغز طاتلو اولمز۔ | شہد شہد پکارنے سے مُنہ میٹھا نہیں ہوتا۔ |
| عیبسز دوست آرایان دوستسز قالور۔ | جو بے عیب دوست تلاش کرتا ہے وُہ بغیر دوست کے رہتا ہے۔ |
| صبر ایلہ قورق حلوا اولور۔ توت یاپراغی اطلس اولور | صبر کے ساتھ کھٹے انگور حلوا بنجاتے ہیں۔ اور توت کے پتے اطلس ہو جاتے ہیں۔ |
| جانسز وجودگبی ادبسز آدم در۔ | بے ادب آدمی بے جان وجود کی طرح ہے۔ |

| | |
|---|---|
| عقل یاشده دگل باشده در۔ | عقل سالوں میں نہیں سر میں ہوتی ہے۔ (یعنے بوڑھا ہونے سے عقل نہیں آتی) |
| احتیاطدن سلامت اولور۔ | احتیاط سے امان رہتی ہے۔ |
| یغموردن قاچن۔ طولویه اوغرار۔ | بارش سے بھاگنے والا اولوں میں جا پھنستا ہے |
| طبلک سسی اوزاقدن خوش گلور۔ | نقارے کی آواز دور سے بھلی معلوم ہوتی ہے |
| حلال مال ضائع اولمز۔ حق سز مال تیز ضائع اولور۔ | حلال مال ضائع نہیں ہوتا۔ حرام مال جلد ضائع ہو جاتا ہے۔ |
| طاغ طاغه قاوشمز۔ انسان انسانه قاوشور۔ | پہاڑ پہاڑ سے نہیں ملتا انسان انسان سے ملتا ہے۔ |
| ایولک ایت دکزه آت۔ بالق بیلمزسه خالق بیلور | نیکی کر اور سمندر میں ڈال۔ اگر مچھلی نہیں جانیگی خدا تو جانتا ہے۔ |
| کورک استدیگی نه در۔ ایکی گوز بری اگری بری دوز۔ | اندھے کی خواہش کیا ہو دو آنکھیں ایک ترچھی ایک سیدھی |
| کدی بولنمدیغی یرده سیچان لوباش قالدیرلر۔ | جہاں بلی نہیں ہوتی وہاں چوہے سر اٹھاتے ہیں۔ |
| موت ناموس سزلکدن ایودر۔ | موت ننگ سے بہتر ہے۔ |
| انسانک سلامتی حفظ لسانده در۔ | انسان کی سلامتی زبان کے قابو رکھنے میں ہے |
| کندی عیبنی گورن بشقه سنک عیبنه باقماز۔ | جو اپنے عیب کو دیکھتا ہے دوسروں کے عیب کو نہیں دیکھتا۔ |
| اچسز بطنی قولاغی اولماز۔ | بھوکے پیٹ کے کان نہیں ہوتے۔ |
| اهل ناموس ده سوز بردر۔ | صاحب ناموس کی ایک بات ہوتی ہے۔ |

سوسوزنک وقتی وارو هر نکتہ نک یری۔

ہر سخن وقتے و ہر نکتہ مکانے دارد۔

سکوت ایتمک گبی نادانہ عالمدہ جواب اولمز۔

خاموش رہنے سے بہتر جہاں میں نادان کا جواب نہیں۔

زمان و صبر ایلہ ہر شیئہ دسترس اولنور۔

وقت اور صبر کے ساتھ ہر چیز پر دسترس ہوجاتی ہے۔

کلہ صاغ اولنجہ دنیادہ کلاہ اکسک دگل۔

سر سلامت رہے دُنیا میں اُس کے لئے کلاہ کی کمی نہیں۔

عارف اولنہ یارم کلمہ کافی در۔

عقلمند کو اشارہ کافی ہے۔

اول ایچون قازان اک ابتدا کندی دوشر۔

دوسرے کے لئے کنوٗاں کھودنے والا سب سے پہلے خود گرتا ہے۔

حق سوز اجی در۔

سچی بات کڑوی لگتی ہے (الحقُّ مُرٌّ)۔

بوگونکی یموردطہ یارنکی طاوقدن ایودر۔

آج کا انڈہ کل کی مُرغی سے اچھا ہے۔

کموردجی سویلر هر کس کندی خانہ سندہ آغادر۔

کوئلہ فروش کہتا ہے ہر شخص اپنے گھر میں آقا ہے۔

بادشاہنک قازینی ییین یوز ییلدن صکرہ تویلرینی گیرو ویرد۔

جو بادشاہ کا قاز کھائے اُسے سو سال کے بعد اس کے پر واپس دے دینے چاہئے

## مجموعۂ حکمت

امام قشیری اسماء الحسنی شرحنک اسم رزاق بحثندہ شویلہ دییورمشاهیر

امام قشیری اسماء الحسنی کی شرح میں اسم رزاق کی بحث میں یوں فرماتے

واصلیدن جناب شبلی رحمۃ اللہ علیہ زمانی اغنیاسندن برینہ کندیسی ایچون برآز دنیالق گوندرمسنی تحریراً بلدیرمسی اوزرینہ "مولاکدن طلب ایلہ" جوابنی آلدقدہ۔ "دنیا حقیر در۔ سندہ حقیرسن۔ بن حقیری حقیردن طلب ایدرم۔ مولامدن مولامک غیرینیسنی دیلہ مم"۔

ہیں۔ کہ مشاہیر واصلان سے جناب شبلی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے زمانہ کے ایک دولتمند کو لکھا کہ مجھے تھوڑی سی دنیاوی چیز بھیجدیجئے۔ دولتمند نے کہا کہ اپنے مولا سے طلب کرو۔ اس کے جواب میں حضرت شبلی نے فرمایا۔ "دنیا حقیر ہے اور تو بھی حقیر ہے۔ میں حقیر کو حقیر سے طلب کرتا ہوں میں اپنے مولا سے اپنے مولا کے سوا کچھ نہیں مانگتا"

---

حسن بن علی رضی اللہ عنہمانک قلیجنہ شونلر محکوک ومکتوب ایمش الرزق مقسوم والحریص محروم والبخیل مذموم والحاسد مغموم۔

## حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما

کی شمشیر پر اس طرح کھدا اور لکھا ہوا تھا "رزق جو قسمت میں لکھا ہے ملیگا۔ حریص محروم رہیگا۔ بخیل برا اور حاسد مغموم ہوگا۔

---

کتاب الشفادہ شویلہ یازلشدر۔ جعفر الخلدی ابو عبداللہ دن نقلا دین کہ برگون برآدم حضور حسن بصری یہ گلوب قیز ینک گیجہ گوندز ونداغلا مقلدن خالی قالمد

## کتاب الشفا

میں اس طرح لکھا ہوا ہے کہ جعفر الخلدی نے ابو عبداللہ سے نقل کی ہے کہ ایک روز ایک شخص نے حضرت حسن بصری کی خدمت میں حاضر ہوکر کہا کہ میری لڑکی شب وروز گریہ وزاری

يعنى وحتى بوندن طولاتى
گوزلرى كور اولدى يعنى بيان
ايمتسى اوزرينه فاضل مشار اليه
قيزك نزدينه عزيمتله "اى قيز!
اغلايه رق گوزلرينى نيچون كور
ايتدك؟ ديدكده - ايكى سبب
دن خالى دگلدر - شو گوزلر
جناب رب العزتى يا رويت ايدر
يا ايتمز - اگر ايدر ايسه بونلر گبى
بيكلرجه گوزلر رويت الله ايچون
فدا اولسون! اگر بو سعادته مستحق
دگلسه الله كنديسنى رويته مستحق
اولميان گوزلرى كور ايتسون"!
جوابنى اليجه "ناصح وطبيب اولندرق
گيلديگم حالده ناصح وطبيبى بولدم"
ديمش در -

کرتی رہتی ہے کہ جس سے اُس کی
آنکھیں بھی اندھی ہو گئی ہیں - اس پر
حضرت حسن بصری اس لڑکی کے پاس
گئے اور اس سے رو رو کر آنکھیں
اندھی کر لینے کی وجہ دریافت کی -
"اُس نے کہا" یہ صورت دو وجہ سے خالی
نہیں - یا تو اِن آنکھوں کو جناب
رب العزت کا دیدار نصیب ہوگا - اور
یا نہ ہوگا - اگر ہوگا تو ان جیسی ہزاروں
آنکھیں رویت اللہ کے لئے قربان ہو جائیں
اگر یہ اس سعادت کی مستحق نہ ہوں کہ
جناب باری کی رویت انہیں نصیب ہو
تو ایسی آنکھیں نہ رہنا بہتر ہیں! یہ جواب
لیکر خواجہ حسن بصری نے فرمایا" میں
ناصح اور طبیب بنکر گیا تھا - بحالیکہ ناصح
اور طبیب میں نے دوسرے کو پایا"-

**حضرت على كرم الله وجه" ظالم**
ايچون اوچ علامت وار در مادوننده
كنى غلبه - مافوقنده كنى حيله
ومفسدت ايله دوچار مصائب ايلر-

**حضرت علی کرم اللہ وجہ نے فرمایا ہے**
کہ ظالم کی تین علامتیں ہیں - اپنے
سے چھوٹوں پر غلبہ - اپنے سے بڑوں
سے جنگ وہ مفسدہ کے ساتھ دوچار

ظلمہ یہ معین و مظاہر اولور‘‘ دیمشلردر۔

مصیبتیں کھڑی کر دیتا ہے اور ظلم کا معین اور مظاہر ہوتا ہے۔

---

موسیٰ علیہ السّلام ’’بن غریب و مریض و فقیرم‘‘ دیمسیلہ جناب قادر مطلق ’’یا موسیٰ مریض بنم گبی طبیبی۔ فقیر بنم گبی مجیبی۔ غریب بنم گبی مونس و حبیبی اولمیانلردر‘‘۔

موسیٰ علیہ السلام نے جناب باری میں کہا۔ ’’میں غریب اور فقیر ہوں‘‘۔ جناب قادر مطلق نے فرمایا کہ اے موسیٰ مریض وُہ ہے کہ جس کو مجھ جیسا طبیب اور فقیر وُہ ہے کہ جس کو میرے جیسا مجیب۔ اور غریب وُہ ہے کہ جسکو مجھ جیسا مونس اور حبیب نہیں ملا ہو۔

---

یوسف علیہ السّلام داخل تدرہ بولندیغی محبسک قاپوسنہ شو دُرت کلمہ یی یازمشلردر۔
منازل البلا۔ قبور الاحیا۔ شماتت الاعدا۔ تجربة الاصدقا۔

یُوسف علیہ السلام کے قید خانہ کے دروازہ پر یہ چار کلمے لکھے ہُوئے تھے:۔
’’منازل البلا۔ قبور الاحیا۔ شماتت الاعدا۔ تجربتہ الاصدقا‘‘۔

---

ماموں دیمش۔ ’’اخوان اوچ درلودر۔ بری غذا گبی در کہ ندن استغنا ممکن اولمز۔ بری دوا گبیدر۔ اونلرہ محتاج اولنور

خلیفہ مامون نے کہا ہے کہ ’’بھائی تین قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک غذا کی مانند ہیں کہ جن سے استغنا ممکن نہیں۔ دُوسرے دوا کی طرح ہوتے ہیں کہ

بریده سم گبیدر. کندیسنه محتاج اولمق شویله طورسون اجتناب لائق در۔"

جنکا بوقت ضرورت محتاج ہونا پڑتا ہے اور تیسرے زہر کی مانند ہوتے ہیں کہ جنکا محتاج ہونے سے اجتناب کرنا لازم ہے"۔

---

**بعض** حکمادخی شویله دیمش. "نوع بشر اوچ قسمه تقسیم اولنه بیلیر. برنجیسی غذا مقوله سی در. انلرسز یاشامق ممکن اولمز. ایکنجیسی کیف و تریاق منزله سنده در. ازقهٔ مخصوصه و مواطن متعدده ده احتیاج گورولور. اوچنجیسی مرض و علت مقامنده در. بونلردن تباعد موجب راحت و مفارقت باعث صحت در۔"

**بعض** حکما نے بھی اس طرح کہا ہے۔ نوع انسانی تین قسم پر تقسیم ہو سکتی ہے اوّل غذا کی طرح ہے۔ جس کے بغیر جینا ممکن نہیں۔ دوم بمنزلہ شراب اور تریاق کے ہے۔ خاص بازاروں اور متعدد مقاموں میں اسکی احتیاج دیکھی جاتی ہے۔ تیسری مرض اور علت کے مقام میں ہے۔ اِن سے دُور رہنا موجب خوشی کا اور مفارقت سبب صحت کا ہے۔

---

**برجاریه** نک صاچینی تراش ایدوب فاتحک وزراسندن واخص ندماسندن عاشق احمد پاشایه شربت ویردی. پاشا

**ایک لونڈی** کے سر کے بال مونڈ دیئے گئے۔ سلطان فاتح کے وزیروں اور خاص ندیموں میں سے عاشق احمد پاشا کو اس نے شربت لا کر دیا۔

جاریہ‌یی بو حالدہ گورنجہ بیبت
الحی بالبداھہ سویلر۔ ؎
زلفن گیدوش اول صنم کافرلکن قویمز ہنوز
زناری‌نی کسمش ولی داخی مسلمان اولمامش

پاشا نے لونڈی کو اس حال میں دیکھ کر
حسب ذیل بیت فی البدیہ کہا ؎
اسکی زلفیں چلی گئیں لیکن وہ صنم کافرا بھی تک ہے
زنار کاٹا گیا لیکن وُہ ابھی مسلمان نہیں ہوا

سیّد الطائفہ حضرت جنیدؒ فاسق
نیکوخولی ایلہ صحبتی عالم بدخلق
ایلہ الفتہ ترجیح ایدرم بیور
مشلردر۔

سیّد الطائفہ حضرت شیخ جنید نے فرمایا ہے
کہ "فاسق نیکو خوئی کے ساتھ صحبت کرنیکو
مَیں عالم بدخلق کے ساتھ اُلفت کرنے
سے ترجیح دیتا ہوں"

# لطائفِ خواجہ نصرالدین آفندی*

## لطیفہ اوّل

خواجہ نصرالدین افندی برگون وعظ
ایچون کرسی یہ چیقوب ایدر۔
ای مومنلر بن سزہ نہ دیہ جگم۔
بلور میسکز۔ جماعت دیرلرکہ
خیر خواجہ افندی بلمیز۔ یاسز بلمینجہ
بن سزہ نہ سویلیہ یم دیمش۔
برگون خواجہ افندی ینہ کرسی

خواجہ نصرالدین آفندی نے ایک روز وعظ
کے لئے کُرسی پر چڑھ کر کہا۔ اے
مومنو مَیں تمہیں کیا کہوں گا۔ کیا تم
جانتے ہو؟ جماعت نے کہا کہ نہیں
خواجہ آفندی نہیں جانتے۔ اَے
تم نہ جاننے والو مَیں تم کو کیا کہوں
کہا۔ ایک روز خواجہ آفندی پھر اُسی

* یہ لطائف ڈبلیو بر کھارٹ بارکر کے۔ گرامر سے لئے گئی ہیں جو قدرے پرانی ترکی زبان کا نمونہ ہیں۔ گرجس میں ترکی زبان کی پرانی کتابیں لکھی ہوئی ہیں۔
زیادہ تر ان لطائف کا لفظی ترجمہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے دلبستہ ترکی زبان کے صیغہ حال استمراری کو باقی کتاب میں بھی اور یہاں بھی زیادہ تر اُردو

یہ چیقوب ایدرلر اے مسلمان
لرہن سزہ نہ دیہ جگم بلور میسکز۔
انلردہ دیرلرکہ بلورز۔ خواجہ
یاسز بلدکر نصکرہ بن سزہ
نہ سویلیہ یم دیوب۔ کرسی دن
اشاغی اینوب چیقوب گیدنجہ
جماعت تعجب۔ واروب۔ بردخی
چیقار ایسہ کیمی مز بلورز کیمی
مز بلمیز دیمگہ قول وقرار ایدرلر۔
خواجہ ینہ برگون برمنوال
مشروح کرسی یہ چیقوب ایدر
ای فرندا شلر بن سزہ نہ
سویلیہ جگم بلور میسکز۔ انلردہ
دیرلر کیمی مز بلورز کیمی مز
بلمیز۔ خواجہ ایدر نہ گوزل
بلنلر بلمینلرہ بلدرہ اوگورتسونلر

پر چڑھا (اور) کہا اے مسلمانوں میں
تم کو کیا کہوں گا۔ کیا تم جانتے ہو۔
انہوں نے کہا کہ جانتے ہیں۔ خواجہ
نے کہا اچھا تمہارے جاننے کے
بعد میں تمہیں کیا کہوں۔ اور کرسی
سے نیچے اُتر کر چلا گیا۔ حاضرین نے
تعجب میں آکر عہد کرلیا کہ اب کے
پھر اگر وہ کھڑا ہو تو کہینگے بعض ہم میں سے
جانتے ہیں۔ بعض نہیں جانتے ہیں
خواجہ نے پھر ایک روز طریق مشروح
پر کرسی پر چڑھ کر کہا۔ اے بھائیو میں
تمہیں کیا کہونگا۔ کیا تم جانتے ہو۔
انہوں نے کہا بعضے ہم میں سے جانتے
ہیں بعضے نہیں جانتے۔ خواجہ نے
کہا کیا خوب! تم میں سے جاننے وا
نہ جاننے والوں کو سکھلا دیں۔

## لطیفہ دوم

خواجہ برگون حمامہ گیرر بقار کہ کیمسہ
یوق۔ جانی صقیلوب قیمباشی
یہ سویلمگہ باشلر۔ خواجہ یہ

خواجہ ایک روز حمام میں داخل ہوتا ہے دیکھتا ہے
کہ کوئی نہیں۔ اس کا دل گھبراتا ہے
نہلانیوالے سے یہ بات کرنا شروع کرتا ہے۔

صداسی خوش گلوب۔ کندی کندویہ دیرلرکہ چونکہ بنم بویلہ خوب صدام واردر خلق دخی صقالنہ فی الحال حمامدن چیقوب طوغری برمنارہ یہ چیقوب۔ وقتلردہ اویلہ وقتی ایمش۔ تمجیدا وقومغہ باشلر برآدم اشاغیدن یوقاری بقرگورر کہ برحریف منارہ دہ وقتسز تمجید اوقورایدر۔ بھی نادان سنک بویلہ کریہ آواز ایلہ وقتسز تمجید اوقیورسون۔ همان خواجہ اشاغی اینوب ایدر۔ آہ نہ اولیدی برصاحب خیر بورادہ برحمام یاپہ ایدکی بڑی بوکریہ اوازدہ قورتارہ ایدی۔

خواجہ کو اپنی آواز خوش آتی ہے۔ اپنے آپ کو کہتا ہے کہ چونکہ میری ایسی اچھی آواز ہے۔ خلقت کی ڈاڑھی کی (قسم ہے)، فوراً حمام سے نکلکر سیدھا ایک منارہ پر جا چڑھتا ہے۔ وقتوں میں دوپہر کا وقت تھا۔ تمجید پڑھنی شروع کرتا ہے۔ ایک آدمی نیچے سے اوپر کو دیکھ کر دیکھتا ہے کہ ایک شخص منارہ میں بے وقت تمجید پڑھتا ہے۔ ارے نادان تو ایسی کریہ آواز کے ساتھ بے وقت تمجید پڑھتا ہے۔ جھٹ خواجہ نیچے اُترکر کہتا ہے۔ آہ کیا اچھا ہوتا کہ ایک فیاض شخص یہاں ایک حمام بنوا دیتا۔ مجھے اس کریہ آواز سے رہائی دلواتا۔

## لطیفہ سوم

برگیجہ خواجہ یہ رویاسندہ طقوز اقچہ ویرمشلر۔ خواجہ آفندی

ایک رات خواجہ کو خواب میں نو اقچہ (ایک سکہ) انہوں نے دیئے (یعنے خدا نے) خواجہ نے

هله باری اون اقچه ایدک
دیمش بعده هله اون طقوز
ایدک دیو نزاع ایدرکن اویانوب
بقرکه النده برشی یوق ینه گوز
لرین قپایوب اللرین آوازادوب
گتور باری طقوز اقچه اولسون دیمش

کہا آؤ۔ یا خدا دس اقچہ کردو۔ پھر کہا
آؤ اُنیس اقچہ کردو۔ جبکہ بحث کر رہا
تھا تو جاگ پڑا دیکھا کہ ہاتھ میں کچھ شیٔ
نہیں۔ پھر آنکھیں بند کرلیں (اور)
اپنے ہاتھ پھیلا کر کہا لاؤ خیر نو اقچہ
ہی سہی۔

## لطیفہ چہارم

خواجه برگون بوستانه گیروب برآز
هاوج وبرآز شلغم هرنه بولدی
ایسه یولوب۔ برآزن چوال و
برآزن قویننه قورکن بوستانجی
گلوب بونی طوتوب۔ بوشدن
نه اورسن دیدکده خواجه
شاشروب برجواب بوله میوب
گجیلرده برشدید روزگار
اسدی ایدی اوّل روزگار
بنی بورایه گتوروب اتدی
دیدکده۔ بوستانجی ایدر۔ یا بونلری
کیم یولدی۔ خواجه ایدر روزگار
غایت شدید اولدیغندن بنی

خواجہ ایک روز باغ میں داخل ہوا۔ تھوڑی
سی گاجریں اور تھوڑے سے شلغم
جو کچھ پایا توڑ لیا۔ ان میں سے کچھ تو
تھیلے میں اور کچھ گود میں رکھے ہوئے
تھے کہ باغبان نے آکر اُسے پکڑ لیا۔
اور کہا کہ یہاں سے کیا تلاش کرتے ہو
خواجہ گھبرا گیا اور (اور) کچھ جواب نہ پاکر
رات کو سخت آندھی چلی تھی۔ اُس آندھی
نے مجھے یہاں لا پھینکا۔ کہنے لگا۔
باغبان نے کہا۔ اور اِن کو کس نے
کھودا۔ خواجہ نے کہا آندھی نہایت سخت
چلنے سے مجھے اِدھر سے اُدھر پھینکتی
تھی۔ جو کچھ میں پکڑتا تھا سب میرے

شوندن شونه آندی نه یاشدم ایسه بتون الیمده قالدی - بوستانجی یا بونلری چوالکیم طولدردی دیه کده - هاشته بنده اوّل فکرده ایدم سنده گلدک دیمش -

ہاتھ میں رہتا تھا۔ باغبان نے کہا مگر اس تھیلے کو کس نے بھرا۔ ہاں لو! میں بھی تمہارے آنے سے پہلے اسی فکر میں تھا۔

## لطیفہ پنجم

برگون خواجه افندی رحمة الله علیه قونیه یه واروب بر حلواجی دکانینه گیرر - همان بسم الله دیوب حلوایی یمگه باشلر - حلواجی - بره آدم نه یپارسن دیوب خواجه یی دوگمگه باشلینجه - خواجه دیرکه نه گوزل بلده در بو قونیه که حلوایی آدمه دوگه دوگه یدیریرلر -

ایک روز خواجہ آفندی رحمۃ اللہ علیہ قونیہ کو جاتے ہوئے ایک حلوائی کے دوکان میں داخل ہوئے۔ جھٹ بسم اللہ پڑھکر حلوا کھانے لگے۔ حلوائی نے کہا او (بھلے) آدمی کیا کرتا ہے (اور) خواجہ کو مارنا شروع کیا۔ خواجہ نے کہا کہ یہ قونیہ کیا اچھا شہر ہے کہ حلوا آدمی کو مار مار کر کھلاتے ہیں۔

## لطیفہ ششم

برگون خواجه یه دیرلرکه ائی یکی اولدی اسکی ائی نیلرلر خواجه ایدی قیررلر یلدز یپارلر -

ایک روز خواجہ کو (لوگوں نے) کہا چاند نیا ہو گیا ہے پُرانے چاند کو کیا کرتے ہیں۔ خواجہ نے کہا کہ توڑ کر ستارے بناتے ہیں۔

## لطیفه هفتم

برگون یمورطه نک طقسانی براقچه
یه آلوب - دیگر مسکانه واروب
اونک صنارا یمش - خواجه
یه نیچون طقسان الوب اونک
صتارسن دیدکلرنده خواجه
زیاده فائده دن در - دوستلو
بزی تک آیش ویرشده گورسون
لردیمش -

ایک روز نوے انڈے ایک اقچہ کو لیکر
دُوسری جگہ جاکر اُن میں سے دس
بیچڈالے - خواجہ کو پُوچھا گیا کس طرح
نوّے لیکر دس تم نے بیچے ہیں - خواجہ
نے کہا یہ فائدہ مند بات ہے کہ
دوست مجھے خرید و فروخت میں
(مشغول) دیکھیں -

## لطیفه هشتم

خواجه نصرالدّین برگون برایرماق
کنارینه واروب اوطوررکن
اون دانه اعمی گلورلر و خواجه
ایله ایرماقدن بربر گچورر
لمسینه برد پوله قول و قرار
ایدرلر - خواجه بونلری بربر
بررگچورکن برینی ایرماق
صویی قوپاریوب گوتوراعمی
لرفریاده باشلرلر - خواجه نیچون

خواجہ نصرالدین ایک دن ایک دریا کے
کنارہ پر جاتے ہوئے بیٹھ گیا جبکہ
دس اندھے آئے - اور خواجہ کے
ساتھ دریا سے ایک ایک کرکے ان
میں سے گذرنے کے لئے ایک پیسہ دینے
کا اقرار کیا - خواجہ انکو ایک ایک کو
عبور کرا رہا تھا کہ ایک کو دریا کا پانی
زور مار کر لیگیا - اندھوں نے چلانا
شروع کیا - خواجہ نے کہا تم کیوں

فریاد ایدرسکز۔ هابر پول
اکسک ویرک دیمش۔

چلّاتے ہو۔ اچھا ایک پیسہ تم نے
کم دیدینا۔

## لطیفہ نہم

برگون خواجہ نصرالدین افندی بازاردن
گذرکن برحریف راست گلوب
خواجہ بوگون آیک اوچیمی۔
یوخسہ دردیمی دیدکدہ۔
بلمم آی اولوب صاتدیغم
یوقدر دیمش۔

ایک روز خواجہ نصرالدین آفندی بازار
میں گذر رہا تھا کہ ایک شخص ملا (اور
پُوچھا) خواجہ کیا آج چاند کی تیسری
تاریخ ہے یا چوتھی۔ مَیں نہیں جانتا۔
میں چاند کو لیکر بیچتا نہیں ہوں۔
اُس نے کہا۔

## لطیفہ دہم

برگون خواجہ اوموزینہ برنردبان
آلوب کتوروب برباغچہ دیوارینہ
طیانوب یوقارو چیقوب صکرہ
یوقارو آلوب ایچری گیرور
بوستانجی بونی گوروب سن
کیمسک و بوندہ نہ آرارسن
دیدکدہ خواجہ سرعتلہ نردبانہ
یانندہ گلوب ایدر نردبان صاتارم
بوستانجی ایدر بوندہ نردبان

ایک روز خواجہ اپنے کندھوں پر ایک نردبان
پکڑلے گیا۔ باغچہ کی دیوار کو جالگائی
اُوپر چڑھ کر پھر اُوپر کھینچکر اندر داخل
ہوگیا۔ باغبان نے اُسے دیکھ کر پوچھا
کہ تم کون ہو اور یہاں کیا تلاش کرتے
ہو۔ خواجہ نے جلدی سے سیڑھی
کی طرف جاکر کہا۔ مَیں سیڑھی بیچتا ہوں۔
باغبان نے کہا کیا یہاں سیڑھیاں
بیچا کرتے ہیں۔ خواجہ نے کہا

| | |
|---|---|
| صاتیلورمی ۔ خواجہ ایدن برهپ جاهل حریف نردبان نردہ اولسہ (نہ یردہ) صاتیلوز ۔ | ارے جاہل شخص سیڑھی جہاں بھی ہو بیچی جاتی ہے ۔ |

## لطیفہ یازدہم

| | |
|---|---|
| نصرالدین افندی برگون طاوقلرینی بربر طوتوب بوغازلرینہ بر پارچہ بشتمال دلوب چوروب قاپوب صالیویرمش خلق عالم خواجہ نک قاتنہ جمع اولوب بوطاوقلرہ نہ اولدی دیلش لر خواجہ بونلرک انالری اولدی یاسین طوتارلودیمش ۔ | ناصرالدین آفندی نے ایک روز اپنے مُرغوں کو ایک ایک پکڑ کر اُن کی گردنوں کو ایک کپڑے کی دھجّی سے چھید دیا ۔ اور اُسے آگے نکال کر (ہر ایک کو) پکڑ کر چھوڑ دیا ۔ لوگ خواجہ کے نزدیک جمع ہو کر پُوچھنے لگے مُرغوں کو کیا ہو گیا ۔ خواجہ نے کہا اِن کی مائیں مرگئی ہیں (یہ) ماتم کر رہے ہیں ۔ |

## لطیفہ دوازدہم

| | |
|---|---|
| برگون خواجہ نک ترلاسنہ براوکز گیرر ۔ خواجہ گوروب الینہ برصوپہ آلوب ۔ اوزینہ واردقدہ اوکوز قچار ۔ گلجک ہفتہ اوکوز برترک عربہ یہ قوشمش گیدرکن خواجہ اوکوزی گوروب | ایک روز خواجہ کی زمین میں ایک بیل داخل ہو گیا ۔ خواجہ نے دیکھ کر ہاتھ میں ایک موٹی لاٹھی لے لی ۔ اِس پر جاتے ہُوئے بیل بھاگ گیا ۔ اگلے ہفتہ بیل ایک ترک کی گاڑی میں جتا ہُوا تھا ۔ خواجہ نے بیل کو دیکھ کر |

همان الینه بر صوپه آلوب
سگردوب اوکزه بر قاچ صوپه
اوردی. ترک بره آدم بنم اوکز
مدن نه استرسگ دیدکده
سن خلط ایتمه جاهل کوپک
اول قباحتین (یعنی) بیلور
دیمش۔

جھٹ ایک موٹا ڈنڈا لے لیا۔ (اور
اس کے) پیچھے دوڑ کر بیل کو چند
ڈنڈے جڑ دیئے۔ ترک نے کہا
ارے میاں تم میرے بیل سے کیا
چاہتے ہو (خواجہ) نے کہا تو دخل
مت دے۔ جاہل کُتّے وُہ اپنے
قصُور کو جانتا ہے۔

## لطیفہ سیزدھم

برگون خواجه افندی وصیت ایدر
که بن اولدیگم وقت بنی اسکی
مقبره یه قویه سگز. جماعت
نیچون بویله سویلرسین دیدکلرنده. خواجه سوال ملک
لری گلدکده بن سوال اولندم
گورمز میسگز مقبرم بیله اسکی
دردیرم دیمش۔

ایک روز خواجہ آفندی نے وصیّت کی میرے
مرنے کے وقت مجھے پُرانے قبر میں
ڈالنا۔ لوگوں نے کہا تم ایسا کیوں
کہتے ہو۔
خواجہ نے کہا سوال کرنے والے فرشتے
اگر مجھے سوال کرینگے۔ مَیں کہوں گا
کیا تم نہیں دیکھتے ہو کہ میری قبر
پُرانی ہے۔

## لطیفہ چہاردھم

برگون خواجه قره لر گیوب طشره
چقر خلق بو لی گوروب خواجه

ایک روز خواجہ نے سیاہ کپڑے پہن لئے
باہر نکلا تو لوگوں نے اُسے دیکھ کر

آفندی نہ اولدن قرہ لر
گیمش سین دیدکلرندہ ـ
اوغلومک باباسی مرحوم اولدی
اونک یاسین طوتارم دیمش

کہا خواجہ آفندی کون مرا ہے کہ
تم نے سیاہ کپڑے پہنے ہیں ـ
میرے بیٹے کا باپ مر گیا ہے ـ
اُس کا ماتم کرتا ہُوں ـ اُس نے کہا ـ

## لطیفہ پانزدھم

برگون خواجہ نک اوینہ خرسز گیرمش
هرنہ سی (الیسہ) وارایمش
دوشیروب ارقاسنہ یوکلنوب
چیقوب گتمش ـ خواجہ دہ
باقی قلانی طوبلیوب خرسزک
اردینہ دوشر ـ خرسز اوینہ
گیرنجہ ـ خواجہ دہ اردندن
خرسزک قپوسین دق ایلد
کدہ خرسز آسترسین خواجہ
آفندی یہ دیدکدہ خواجہ
یا بز بو اوہ کوچ ایتمدک می ـ دیمش

ایک روز خواجہ کے گھر میں چور داخل ہوا ـ
جو کچھ وہاں تھا اکٹھا کر کے اپنی
پیٹھ پر لاد کر باہر چلا گیا ـ خواجہ
بھی بچا کھچا جمع کر کے چور کے پیچھے
پڑ گیا (چلا گیا) چور گھر میں داخل
ہوا تھا کہ خواجہ نے بھی پیچھے سے
چور کے دروازے کو کھٹکھٹایا ـ چور نے
کہا کیا چاہتے ہو ـ خواجہ نے کہا کیا
ہم اس گھر میں نہیں اُٹھ آئے ـ

## لطیفہ شانزدھم

برگون خواجہ قونشی سندن بر قزغان
آلوب ایشنی گوردکدنصکرہ

ایک روز خواجہ نے اپنے ہمسایہ سے
ایک کڑاہی لی ـ اپنا کام دیکھ (کر)

قزغانك ایچنه برکوچك طنجره
قیوب گتوروب صاحبنه ویرد
کده صاحبی اولان حریف گوردی
که قزغانك ایچنده برکوچك
طنجره واردر. بونه دردیں.
خواجه ایدر قزغان طوغردی
حریف طنجره یی قبوللنور. ینه
برگون خواجه قزغانی استیوب
الوب اوینه گتوروب قوللنیر.
قزغان صاحبی برگون بش
گون بقار گودر قزغان گلمدی.
خواجه نك اوینه گلوب دق باب
ایلر. خواجه قاپویه گلوب نه
استرسین دیدکده. قزغانی
دیرم. خواجه ایدر سن صاغ
اول. قزغان مرحوم اولدی
حریف خواجه افندی هیچ
قزغان اولورمی دیدکده. یا
طوغردیغنه اینانور سنده
اولدوگنه اینانمز میسن دمش

اُچکنے کے بعد کڑاہی کے بیچ ایک
چھوٹی سی رکابی رکھ کر دیگیا۔ مالک
کو دیدی۔ مالک ہونے والے شخص یعنے
(مالک) نے دیکھا کہ کڑاہی کے بیچ
میں ایک چھوٹی رکابی تھی۔ یہ کیا
ہے پُوچھا۔ خواجہ نے کہا کڑاہی
نے بچّہ جنا ہے۔ اُس شخص نے رکابی
لے لی۔ پھر ایک دن خواجہ نے
کڑاہی مانگ کر لی اور گھر کو لیجا کر
استعمال کی۔ کڑاہی کے مالک نے ایک
روز پانچ روز دیکھ کر کڑاہی نہیں
آئی۔ خواجہ کے گھر آکر دروازہ
کھٹکھٹایا۔ خواجہ نے دروازہ پر
آکر پُوچھا کیا چاہتے ہو۔ میں کڑاہی
مانگتا ہُوں۔ خواجہ نے کہا تم سلامت
رہو کڑاہی مرچکی ہے۔ خواجہ آفندی
کبھی کڑاہی بھی مرتی ہے۔ اس شخص
نے کہا۔ او ہو تو اس کے بچّے
جننے کو تو یقین کر لیتا ہے اور مرجانے
کو باور نہیں کرتا۔ (خواجہ نے) جواب دیا۔

## لطیفہ ہفتدہم

برگون خواجہ سوری حصارہ واروب
گوراکہ وافر آدملر جمع اولوب
آیہ بقارلر خواجہ بونہ غریب یر
اولور کہ بزم بلدۂ عزبل قدر گورر
لردہ اعتبار ایتمزلر بوندہ ایسہ
هلال قدر آیہ نقدر آدم جمع
اولمش بقارلر دیمش ۔

ایک روز خواجہ (قصبہ) سوری حصار کو گیا
دیکھا کہ بہت لوگ جمع ہو کر چاند کو
دیکھ رہے ہیں۔ خواجہ نے کہا یہ
کیسی عجیب زمین ہے میرے شہر
میں چھلنے کے برابر دیکھ کر بھی اعتبار
نہیں کرتے۔ اور یہاں ہلال کے
برابر چاند کو کس قدر لوگ جمع ہو کر
دیکھتے ہیں۔

## لطیفہ ہژدہم

برگون خواجہ یہ بر آدم گلوب اشککنی
استر خواجہ دخی بوندہ طور
وارایم اشکہ طانشہ ایم اگر
اشکک گوکلی اولور ایسہ ویرہ ایم
دیوب آندن ایچری گیروب ۔
بر مقدار طوروب گلوب ایدر
اشکک گوکلی اولمدی وهم بکا
اشک دیر کہ بنی اللرہ ویریر ایسک
هم قولاغمہ اوررلر هم سنک عورتکہ سوگرلر ۔

ایک روز خواجہ کو (کے پاس) ایک آدمی آیا اور
اسکا گدھا مانگا۔ خواجہ نے کہا یہاں ٹھہرو
میں جاتا ہوں۔ گدھے سے مشورہ کرتا ہوں
اگر گدھے کا دل ہوا تو دیتا ہوں۔ وہاں
سے اندر گیا تھوڑی دیر ٹھہر کر آیا اور کہا
گدھے کا دل نہیں ہوا۔ اور نیز مجھے گدھے
نے کہا کہ اگر تو مجھے (اوروں کے) ہاتھوں
میں دیگا تو میرے کانوں کو مارینگے اور
تیری عورت کو گالیاں دینگے ۔

# لطیفہ نوزدهم

برگون خواجہ اشکینہ بنوب باغچہ یہ
گیدرکن یولدہ برایش ایچگہ گلورکن
ارقاسندن صوفین چقاروب
اشکک سمرینک اوستونہ قور خرسز
گلوب صوفی چالار گیدر۔ خواجہ
گلور گورر کہ صوف یوقدر همان اول
ساعت اشکک صرتندن صمر بینی
آلوب کندی ارقاسنہ قیوب اشکہ
برقامچی اوروب گتور صوفمی آل صمریمی
دیمش۔

ایک روز خواجہ گدھے پر چڑھکر باغچہ کو
جارہا تھا کہ راستہ میں ایک کام کرنے
کے لئے پیٹھ سے اپنا پشمین چوغہ
اُتار کر گدھے کی زین کے اُوپر رکھدیا۔
چور آیا اور چوغہ کو چرا کر بھاگ گیا۔
خواجہ آیا دیکھا کہ چوغہ نہیں ہے۔ جھٹ
اُسی ساعت گدھے کی پیٹھ سے زین
لیکر اپنی پیٹھ پر رکھ لی۔ اور گدھے
کو ایک قمچی مار کر کہا لاؤ میرا چوغہ اور
لو اپنی زین۔

# لطیفہ بستم

برگون خواجہ آفندی اشکن غائب
ایدوب حریفک برینہ سؤال
